Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 بدھ 21 دسمبر، 2022ء 26 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 222

ہر ڈویژن میں اوورسیز کلب بنایا جائے گا، مسائل کی نشاندہی اور حل کے لئے اوورسیز کانفرنس جلد بلائی جائے گی، پرویز الٰہی

سکلڈ بیسڈ ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کیلئے نئی یونیورسٹیاں بنائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کا اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب کے کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کرنے کا اعلان، اوورسیز پاکستانیوں کی سہولت کے لئے ون ونڈو ریونیو، نادرا اور ایل ڈی اے

گورننس بہتر بنانے کیلئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کیا جائیگا، یونیورسٹیوں کے معاملات درست کرنے کیلئے ایڈہاک ازم کا خاتمہ ضروری ہے، ہائیر ایجوکیشن میں بھرتیاں مکمل میرٹ پر ہوں گی

لاہور (غلام عباس سے) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے وزیراعلیٰ آفس میں وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب مخدوم سید طارق محمود الحسن نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے کئے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی اور او پی سی کے گریڈ 9 تک کے کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز کمیشن کے 56 ملازمین کو ریگولر کر کے دیرینہ مطالبہ پورا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے (بقیہ نمبر 2)

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی سے وزیراعلیٰ آفس میں چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر مختار احمد نے ملاقات کی جس میں صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق سکلڈ بیس ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا وقت (بقیہ نمبر 1)

موجودہ صورتحال میں قبل از وقت انتخابات ملکی مفاد میں نہیں، بلاول بھٹو

انتہائی بدقسمتی ہے عمران خان جب سے اقتدار سے اترے ہیں الیکشن ہی کا لاگ الاپ رہے ہیں، وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں قبل از وقت انتخابات ملکی مفاد میں نہیں ہیں، انتہائی بدقسمتی ہے کہ عمران خان جب سے اقتدار سے اترے ہیں، وہ الیکشن ہی کا لاگ الاپ رہے (بقیہ نمبر 5)

قوم کی بکنے اور بکنے والے ہر ممبر پر نظر ہے، شیخ رشید

سیاسی انا اور ضد کی وجہ سے ملک خسارے میں جا رہا ہے' سابق وزیر داخلہ

لاہور (بیورو رپورٹ) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سیاسی انا اور ضد کی وجہ سے ملک خسارے میں جا رہا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری بیان میں (بقیہ نمبر 4)

پرویز الٰہی نے اعتماد کا ووٹ نہ لیا تو وزیراعلیٰ کا آفس سیل ہو سکتا ہے، رانا ثنا اللہ

اجلاس نا بھی ہو تو وزیراعلیٰ کو اعتماد کا ووٹ لینا پڑے گا، اجلاس بلانے کے حوالے سے سپیکر موقف غلط ہے

لاہور (غلام عباس سے) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ سپیکر کا گورنر کی جانب سے اجلاس بلانے سے متعلق موقف غلط اور آئین کے خلاف ہے، گورنر اسمبلی کا اجلاس بلا سکتا ہے اگر بدھ کے (بقیہ نمبر 3)

اداروں کا آئینی دائرے میں کام کرنا عمران خان کو قبول نہیں، عمران خان نے 4 سال میں تباہی کی جسے ہم ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، وزیر دفاع

بنوں سی ٹی ڈی کمپاؤنڈ کلیئر، دو سیکیورٹی اہلکار شہید، تمام دہشتگرد ہلاک ہو گئے، خواجہ آصف

کارروائی میں شامل ایک افسر سمیت ایس ایس جی کے 10 سے 15 جوان زخمی ہوئے، واضح ثبوت مل رہے ہیں کہ دہشت گرد سرحد پار یا پھر مقامی سطح پر سر اٹھا رہے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (اعجاز ساغر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان کے گرد قانون کا گھیرا تنگ ہو رہا ہے، اداروں کا آئینی دائرے میں کام کرنا عمران خان کو قبول نہیں ہے، انہوں نے 4 سال میں تباہی کی جسے ہم ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلیاں تحلیل کرنے کا آخری کارڈ عمران خان نے کھیلا اب ان کے پاس سے آہستہ آہستہ زمین کھسک رہی ہے، میرے خیال سے اس کارڈ میں بھی عمران خان کے (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم کے داماد نے بھی اسلام آباد ہائیکورٹ سے حفاظتی ضمانت مانگ لی

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وزیراعظم شہباز شریف کے داماد ہارون یوسف عزیز نے حفاظتی ضمانت کیلئے اسلام (بقیہ نمبر 7)

الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی غیر ملکی فنڈنگ کیس کی سماعت کے دوران فیصلہ محفوظ کر لیا

گواہان بھی لاؤں، ان افراد سے بات بھی کروں کہ اسکروٹنی رپورٹ میں کیا ہوا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پی ٹی آئی غیر ملکی فنڈنگ کیس کی سماعت کے دوران فیصلہ محفوظ کر لیا۔ منگل کو الیکشن کمیشن میں (بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب خان لغاری محکمہ خزانہ کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

2023 رواں سال کے مقابلے میں زیادہ گرم ثابت ہونے کا امکان

اسلام آباد (عوامی للکار) 2022 دنیا کی معلوم تاریخ کے گرم ترین برسوں میں سے ایک ثابت ہونے والا ہے مگر 2023 بھی اس حوالے سے کچھ زیادہ (بقیہ نمبر 29)

توشہ خانہ کیس کی سماعت اگلے ماہ تک ملتوی

عدالت نے معاون وکیل کی استدعا منظور کرتے ہوئے سماعت اگلے ماہ تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اپیل پر سماعت اگلے ماہ تک ملتوی کر دی۔ منگل کو عدالت عالیہ میں عمران خان کی درخواست پر الیکشن کمیشن کی جانب سے عائد کیے گئے نااہلی کے فیصلے کے خلاف سماعت ہوئی۔ عدالت کے چیف جسٹس عامر فاروق نے عمران خان کی درخواست (بقیہ نمبر 30)

توانائی کی بچت کیلئے مارکیٹیں رات 8 بجے، شادی ہالز 10 بجے بند کرنے کا فیصلہ

اس وقت سنگین معاشی صورتحال سے گزر رہا ہے، ریسٹورنٹس کے لیے گنجائش ہے شاید ان کو ایک گھنٹہ مزید بڑھایا جائے

محدود مدت کے اندر یہ موٹر سائیکلیں مارکیٹ میں آ جائیں گی، جمعرات تک کفایت شعاری پالیسی کو حتمی شکل دے دی جائے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی حکومت نے توانائی کی بچت کیلئے مارکیٹیں رات 8 بجے، شادی ہالز 10 بجے بند کرنے کا فیصلہ کر لیا جبکہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ملک اس وقت سنگین معاشی صورتحال سے گزر رہا ہے اس لیے توانائی کی بچت کرنے کیلئے شادی ہالوں کی اوقات رات 10 بجے اور ریسٹورنٹس اور مارکیٹوں کی اوقات رات 8 بجے تک مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا (بقیہ نمبر 9)

لاہور: آصف علی زرداری اور مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین ملاقات کر رہے ہیں

آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کی کوشش، پاکستان کی شرائط پر نظرثانی کی درخواست

آئی ایم ایف کے پروگرام کی بحالی کی غرض سے عالمی سیاسی رابطوں کے لیے وزارت خارجہ سے کردار ادا کرنے کی درخواست کی گئی ہے، ذرائع

جس کے تحت پاکستان ٹیکس وصولی بہتر کر کے مقرر کردہ 7100 ارب روپے کا ہدف پورا کرے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نے ایک بار پھر آئی ایم ایف کے پروگرام کی بحالی کیلئے ایک اور کوشش کرتے ہوئے شرائط پر نظرثانی کی درخواست کی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کے پروگرام کی بحالی کی غرض سے عالمی سیاسی رابطوں کے لیے وزارت خارجہ سے کردار ادا کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ پاکستان نے موقف اختیار کیا کہ آئی ایم ایف سیلاب اور (بقیہ نمبر 28)

پاکستان غیر اعلانیہ طور پر ڈیفالٹ کر چکا ہے بس رسمی کارروائی باقی ہے

آج نیشنل ایمرجنسی کے نفاذ سے ملک میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوگا

پاکستان میں پٹرول اور بجلی کا بہت بڑا بحران آنے والا ہے لیکن اس کے حل کے لیے موجودہ حکومت خاموش کیوں؟؟؟

پی ڈی ایم حکومت نے اب تک عوام کے لیے کیا کیا؟؟؟ اسکی کوئی بھی عوامی تشہیر سامنے کیوں نہیں آ سکی؟؟؟

سٹیٹ بینک پُرانے نوٹ دو، نئے نوٹ لو کا اشتہار دے کر کن سیاستدانوں کی بلیک منی وائٹ کر رہا ہے؟؟؟

پنجاب حکومت میں پرویز الٰہی نے عوامی تشہیر کر کے اپنے کام عوام تک پہنچائے لیکن وفاق خاموش کیوں؟؟؟

میڈیا کے مسائل پنجاب میں اولین ترجیح سمجھتے ہوئے حل کیے جا رہے ہیں لیکن وفاقی حکومت اب تک ناکام کیوں؟؟؟

اخبارات کا پرنٹنگ میٹریل آئے روز مہنگا ہو رہا ہے اسکو حکومت کنٹرول کرنے سے قاصر کیوں؟؟؟

اشتہارات کا حجم دن بدن کم ہوتا جا رہا ہے وزیرِ اعظم پاکستان اسکو کب بڑھائے گے؟؟؟

حکومت غریب عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنا پروٹوکول کم کر کے پٹرول محفوظ کیوں نہیں کر رہی؟؟؟

عمران خان نے جب حکومت چھوڑی اُس وقت ہمارے ریزرو 22 ارب ڈالر تھے جبکہ پی ڈی ایم کی 6 ماہ کی حکومت میں ریزرو صرف 7 ارب ڈالر رہ گیا، جس میں سے 4 ارب چائنہ کا اور 3 ارب سعودیہ کا ہے

عمران خان نے جب حکومت چھوڑی مہنگائی کی شرح 13 فیصد تھی اور اب 47 فیصد ہے۔ آخر کیوں؟؟؟

کیا یہ حکومت ڈیفالٹ سے ملک کو بچا پائے گی یا اس کارکردگی پر اگلا الیکشن جیت پائے گی؟؟؟

ٹو دی پوائنٹ

محمد فیصل ندیم

faisalnadeemjournalist@gmail.com

ہمارا پیارا ملک پاکستان آج غیر اعلانیہ طور پر ڈیفالٹ کر چکا ہے جسکو چھپانے کے لیے حکومت نے اسکو توانائی بچت قومی پروگرام کا نام دے دیا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ اس پروگرام کی وجہ سے بے روزگاری کی شرح میں مزید کتنا اضافہ ہوتا ہے کیونکہ ہمارے ملک میں حکومت کرنے والے خود تو کبھی بھی قربانی نہیں دیتے اور ہمیشہ بوجھ عام عوام پر ڈالتے ہے جس سے آئے روز خودکشی کے کیس بھی سامنے آتے ہیں۔ اس نیشنل ایمرجنسی کے تحت شادی ہال رات 10 بجے جبکہ مارکیٹیں اور ریسٹورنٹس رات 8 بجے بند کر دیے جائیں گے۔ اس فیصلے سے رات کی شفٹ پر کام کرنے والے تمام ورکرز بے روزگار ہو جائیں گے۔ اگر بجلی بچانی ہے تو سرکاری اداروں سے حکومت شروعات کیوں نہیں کرتی! جہاں پر آفیسر نہ ہو تب بھی کلرک سٹاف بجلی کا بے دریغ استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ روز کے پروٹوکول میں صرف کروڑوں روپے کا پٹرول ضائع کیا جاتا ہے جبکہ اس پروٹوکول کی وجہ سے عام آدمی کو اکثر گھنٹوں سڑکوں پر ذلیل ہونا پڑتا ہے۔ اسکے علاوہ سرکاری گاڑیوں پر پابندی عائد کیوں نہیں کی جاتی اس سے بھی حکومت ماہانہ اربوں روپے کا پٹرول محفوظ کر سکتی ہے لیکن افسوس حکومت اپنی شاہی زندگی کو چھوڑ کر عام عوام پر پابندیاں لگانا بہتر سمجھتی ہے۔ ملک ڈیفالٹ ہونے کی وجہ سے اب مہنگائی کا جن بے قابو ہو جائے گا جس کا سامنا کرنے کے لیے عوام اپنی تیاری رکھے کیونکہ اس مہنگائی کی وجہ سے ہوسکتا ہے کہ کئی خودکشیوں کے کیس بھی سامنے آئیں جسکی ذمہ داری حکومت ہمیشہ کی طرح خود پر کبھی نہیں آنے دے گی اور روایتی انداز اپناتے ہوئے موردِ الزام سابقہ حکومت پر ڈالا جائے گا۔ اور تاریخ گواہ ہے کہ اس سیاسی لڑائی میں ہمیشہ نقصان صرف عوام کا ہی ہوا ہے۔ جب سے پی ڈی ایم حکومت آئی ہے اب تک عوام کے لیے کیا کیا ہے اسکے بارے میں عوام آج تک بے خبر ہے جبکہ عوام پر روزانہ بھاری ٹیکس کا بوجھ ڈال کر عوام کا خون چوسا جا رہا ہے لیکن کوئی بھی عوام کو ریلیف نہیں مل رہا۔ پی ڈی ایم حکومت مہنگائی مکاؤ مہم چلاتے چلاتے آخر کیوں غریب مکاؤ مہم کی طرف چلی گئی ہے اسکی وجہ اب تک سامنے نہ آ سکی ہے۔ اس وقت سٹیٹ بنک آف پاکستان لگاتار اشتہار چلا رہا ہے کہ پُرانے نوٹ جمع کروا کر نئے نوٹ لے لیے جائیں۔ سمجھ سے بالاتر ہے جو نوٹ عرصہ دراز سے بند تھے انکی لین دین کا عمل کس کے کہنے پر کھول دیا گیا ہے کیونکہ آج کے دور میں عام عوام کے پاس پُرانے نوٹ موجود نہیں ہیں پھر آخر کس کی بلیک منی کو وائٹ کرنے کے لیے سٹیٹ بنک اچانک سے پُرانے نوٹ جمع کر رہا ہے۔ یہ کوئی چھوٹی گیم نہیں ہے بلکہ اسکے پیچھے بہت سے سیاستدان بھی شامل ہیں جو بلیک منی کو وائٹ کرنے میں مصروف ہیں ورنہ ان پُرانے نوٹوں کو ایک طویل عرصے کے بعد تبدیل کرنے کا جواز ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ نیب اس پر تحقیقاتی کمیٹی بنائے تا کہ بڑی کرپشن سامنے آ سکے۔ بات کی جائے اگر پنجاب حکومت کی تو پرویز الٰہی نے پنجاب میں ترقیاتی کاموں کی بھرمار لگا دی ہے اور عوامی تشہیر کر کے انہوں نے عوام کو بھی آگاہ کیا کہ وہ اب تک آخر عوام کے لیے کیا کام کر رہے ہیں اور میڈیا مسائل وزیراعلیٰ پنجاب اولین ترجیح سمجھتے ہوئے حل کر رہے ہیں جس سے کافی اخبارات بھی دوبارہ سے سانس لینے لگے ہیں اور کئی ورکرز کو روزگار بھی ملا ہے۔ وفاقی حکومت اب تک اخبارات کے ریٹس نہیں بڑھا سکی جس وجہ سے اخبارات کو کافی مسائل کا سامنا ہے اور پرنٹنگ مافیا کو بھی وفاقی حکومت لگاتار قابو کرنے سے قاصر ہے۔ جس وجہ سے کافی اخبارات دم توڑ رہے ہیں اگر یہی حالات رہے تو ممکن ہے کہ اخبارات کا کوئی نام ونشان باقی رہ سکے۔ وزیر اعظم پاکستان کو چاہیے کہ سرکاری اشتہارات کا حجم بڑھائے اور روزانہ کی بنیاد پر شائع ہونے والے اخبارات کو اشتہارات جاری کیے جائیں تا کہ میڈیا ورکرز کو باقاعدہ اور لگاتار تنخواہیں مل سکیں اور جو بڑے میڈیا ہاؤسز میڈیا ورکرز کو تنخواہیں نہیں دیتے انکا بزنس بند کیا جائے تا کہ انکو پتا چلے کہ ایک میڈیا ورکر کس طرح گزارا کرتا ہے۔ عمران خان نے جب حکومت چھوڑی اُس وقت ہمارے ریزرو 22 ارب ڈالر تھے جبکہ پی ڈی ایم کی 6 ماہ کی حکومت میں ریزرو صرف 7 ارب ڈالر رہ گیا جس میں سے 4 ارب چائنہ کا اور 3 ارب سعودیہ کا ہے اور یہ بھی حکومت کے پاس بطور سکیورٹی پڑے ہیں جس کو حکومت استعمال بھی نہیں کر سکتی۔ عمران نے جب حکومت چھوڑی مہنگائی کی شرح 13 فیصد تھی جبکہ اسی مہنگائی کو ختم کرنے کے لیے آنے والی پی ڈی ایم حکومت نے اس مہنگائی کی شرح کو 47 فیصد تک پہنچا دیا ہے۔ اس مہنگائی کی وجہ سے سیاستدانوں، بیوروکریٹس کو تو فرق نہیں پڑتا اس لیے کہ یہ لوگ عام آدمی پر گزرنے والی پریشانی کا اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ موجودہ پی ڈی ایم حکومت ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچا سکے گیا نہیں کیونکہ جن حالات پر پاکستان کو لا کر کھڑا کر دیا گیا ہے یہ تو واضح ہے کہ اگلا الیکشن پی ڈی ایم حکومت نہیں جیت سکتی اس لیے موجودہ حکومت کو چاہیے کہ وہ باتیں کم اور کام زیادہ کر کے دکھائے اور عوام کو ریلیف دے ورنہ الیکشن میں واضح ہار موجودہ حکومت کا مقدر بننے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

فیصل آباد میں 3 سالہ بچہ کھلے مین ہول میں گرنے سے جاں بحق ہو گیا

اہل علاقہ نے بچے کی موت کا ذمہ دار محکمہ سوئی گیس کو قرار دیا ہے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں 3 سالہ بچہ سیوریج کے پانی سے بھرے گڑھے میں گرنے سے جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ڈی ٹائپ کے علاقہ فاروق آباد میں 3 سالہ بچہ وقاص ولد منظور سیوریج کے پانی سے بھرے گڑھے میں گر نے سے جاں بحق ہوگیا۔ وقاص گلی میں کھیلتے ہوئے گیس پائپ لائن کیلئے کھودے (بقیہ نمبر 12)

رائے ونڈ' تیز رفتار واٹر ٹینکر نے ڈھائی سالہ بچہ کچل دیا

پولیس اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے قانونی کارروائی کا آغاز کرے

رائے ونڈ (این این آئی) تیز رفتار واٹر ٹینکر نے ڈھائی سالہ بچہ کچل دیا۔ تفصیلات کے مطابق بحریہ آرچرڈ فیز ون میں ٹاؤن کا واٹر ٹینکر انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے آ رہا تھا، ڈھائی سالہ محمد احمد گھر کے باہر کھیل رہا تھا ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی سے (بقیہ نمبر 13)

آصف زرداری کی سیاست اتنی کرشمہ دکھاتی تو پیپلز پارٹی کی یہ حالت نہ ہوتی' جمشید اقبال چیمہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما، فوکل پرسن فوڈ سکیورٹی وخصوصی اقدامات جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ ہمارے دور میں قبل از وقت انتخابات کیلئے جلسے جلوس کرنے والے آج انتخابات سے کیوں راہ فرار اختیار کر رہے ہیں، آصف زرداری پٹا ہوا مہرہ ہے اگر ان کی سیاست اتنی کرشمہ دکھاتی تو آج پیپلز پارٹی کی (بقیہ نمبر 26)

4.5 بلین ڈالر کی آئل ریفائنری منصوبے پر بات چیت کیلئے چینی وفد گوادر پہنچ گیا

وفد تین یا چار دن تک قیام کرے گا تاکہ نظریاتی اور عملی فریم ورک کو ہم آہنگ کیا جا سکے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) گوادر میں 4.5 بلین ڈالر کے آئل ریفائنری منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے چینی کمپنی ''ایسٹ سی گروپ لمیٹڈ (ای ایس جی ایل)'' کا پانچ رکنی وفد گوادر پہنچ گیا۔ ای ایس جی ایل کے آفیشل جی سن چاؤ نے گوادر پرو کو بتایا کہ ای ایس جی ایل کے چیف انجینئر لیو دیگر حکام کے ساتھ منگل کو گوادر پہنچا۔ میرین انجینئرنگ، کامرس اور پیٹرولیم پیشہ ورانہ پس منظر کی تکنیکی ٹیم پر مشتمل وفد کی سربراہی گروپ کے جنرل منیجر فانگ ہائیک سیا کر رہے ہیں، وفد تین یا چار دن تک قیام کرے گا تا کہ نظریاتی اور عملی فریم ورک کو ہم آہنگ کیا جا سکے۔ گوادر پرو کے مطابق وہ گوادر فری زون فیز II میں آئل ریفائنری کے قیام کے لیے مجوزہ جگہ کا جائزہ لینے کے لیے چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی اور گوادر پورٹ اتھارٹی کی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ابتدائی منصوبے (بقیہ نمبر 27)

لاہور: ترجمان وزیراعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

گرجا روڈ ناجائز تجاوزات بڑھنے لگیں، ضلعی انتظامیہ خاموش

فٹ پاتھ اور نالوں پر دوکانداروں اور ریڑھی بانوں کا قبضہ، ٹریفک جام معمول، پیدل چلنا محال ہوگیا، شہری

متعلقہ حکام ناجائز تجاوزات کا نوٹس لیں اور سخت قانونی کارروائی کا فوری آغاز کریں تا کہ عوام سکھ کا سانس لے سکیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی چک جلال دین یو سی 89 گرجا روڈ ناجائز تجاوزات بڑھنے لگیں۔ گرجا روڈ پر پیدل چلنا بھی محال ہو گیا۔ گرجا روڈ جامع مسجد حاجی غلام حیدر تا پی ایس او پٹرول پمپ ناجائز تجاوزات عوام کے لیے مشکلات کا سبب بن چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق گرجا روڈ کے دونوں اطراف دکانوں کے باہر دوکان دار حضرات نے فٹ پاتھوں پر قبضہ کر رکھا ہے۔ ان فٹ پاتھوں پر مرغی فروش اور ریڑھی بانوں نے قبضے جما رکھا ہے جس سے سفر کرنے والے عوام اور خاص طور پر خواتین کو گزرنے میں سخت پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ٹریفک جام بھی معمول بن چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ان قبضہ مافیا کے خلاف سخت ایکشن وقت کی اہم ترین ضرورت ہے کیونکہ مسلسل اس مسئلے کو نظر انداز کیے جانے کے باعث گرجا روڈ سمیت چکری روڈ اشرف کالونی و دیگر شہر کے (بقیہ نمبر 25)

گرجا روڈ ناجائز تجاوزات بڑھنے لگیں، ضلعی انتظامیہ خاموش

ٹریفک کے 2 مختلف حادثات میں ایک شخص جاں بحق اور ر11 زخمی ہو گئے

زخمیوں میں علیم ولد محبوب عالم، کاشف علی اور رحمان شامل ہیں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں 2 مختلف ٹریفک حادثات میں ایک شخص جاں بحق اور ر11 زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تیز رفتار کوسٹر الٹنے سے نوجوان جاں بحق جبکہ آٹھ افراد زخمی، اور مزدا ڈالے کی رکشہ کو ٹکر سے 3 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جڑانوالہ سیدوالا روڈ پر علی جج والا بنگلہ شاپ کے قریب تیز رفتار کوسٹر ٹائی (بقیہ نمبر 16)

عمران خان غیر آئینی کام میں ساتھ نہ دینے پر اداروں پر تنقید کر رہے ہیں' ملک احمد خان

جب ہم سیاسی بات کر رہے تھے تو انہوں نے ملک دشمنی کے سرٹیفکیٹ بانٹے' معاون خصوصی وزیراعظم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کے معاون خصوصی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ عمران خان غیر آئینی کام میں ساتھ نہ دینے پر اداروں پر تنقید کر رہے ہیں، جب ہم سیاسی بات کر رہے تھے تو انہوں نے ملک دشمنی کے سرٹیفکیٹ بانٹے۔ گورنر ہاؤس لاہور کے (بقیہ نمبر 18)

کابینہ کے اعلامیہ کے حوالے سے میڈیا میں چلنے والی خبریں درست نہیں، مریم اورنگزیب

وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بارے میں وفاقی وزرا پریس کانفرنس کر چکے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ کابینہ کے اعلامیہ کے حوالے سے میڈیا میں چلنے والی خبریں درست نہیں۔ اپنے بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ وفاقی کابینہ کے ہونے والے اجلاس کا کوئی اعلامیہ (بقیہ نمبر 24)

معذور ملازمین کا کنوینس الاؤنس 2 سے 6 ہزار روپے کر دیا گیا' پرنسپل جنرل ہسپتال

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ نے صوبائی حکومت کے احکامات عملدرآمد کرتے ہوئے معذور ملازمین کے کنوینس الاؤنس (بقیہ نمبر 23)

لاہور: ڈاکٹر ثانیہ نشتر اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بلاول مودی کو دنیا کے سامنے بے نقاب کر رہے ہیں، شیری رحمٰن

عمران خان ابھی بھی کہہ رہے کہ مودی ہی مسئلہ کشمیر حل کر سکتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بلاول مودی کو دنیا کے سامنے بے نقاب کر رہے ہیں، عمران خان ابھی بھی کہہ رہے ہے کہ مودی ہی مسئلہ کشمیر حل کر سکتا ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن (بقیہ نمبر 21)

صارفین کے مسائل کے فوری ازالے کیلئے کھلی کچہری کا شیڈول جاری

21 دسمبر 2022 تمام آپریشن سرکلز انچارج فیس بک لائیو اور ٹیلیفون پر صارفین کے مسائل سنیں گے، ترجمان آئیسکو

رابطہ نمبر اور بجلی بل کا حوالہ نمبر ضرور بتائیں تا کے درج شدہ شکایت بروقت متعلقہ دفاتر کو بھجوائی جا سکے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) صارف دوست پالیسوں کے تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلز انچارج مورخہ 21 دسمبر 2022 بروز بدھ دن 09:30 بجے تا دن 11:30 بجے تک ای کچہریوں کا انعقاد کریں گے جس میں صارفین کی بجلی سے متعلقہ شکایات اور مسائل کے فوری ازالے کو ہر صورت ممکن بنایا جائے گا۔ صارفین شکایات کے فوری ازالے کے لئے اسلام آباد سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Islamabad E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-City E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi (بقیہ نمبر 22)

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
روزنامہ راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

آہ خواجہ فاروق بھی عالم برزخ میں جا بسے،،

یہ دنیا ایک عارضی سا مستقر ھے اللہ پاک نے انسان کو پیدا فرمایا ھے صرف اپنے اظہار کیلئے اور ساتھ میں اپنی مرضی سے اظہار کا اختیار دیا ھے، انسان کو اس سیارہ ارض پہ کچھ مدت کیلئے رہنے کا اختیار رھوتا ھے جس کا علم صرف اللہ کے پاس ھے، عالم ارواح میں ہی تقدیر امم کے تحت ہر ایک انسان کی زندگی و موت کا وقت مقرر کر دیا گیا تھا اللہ پاک نے، آدم علیہ السلام سے آج تک ان گنت انسان اس سیارہ ارض پہ آئے اور اپنا وقت پورا کر کے زمین بوس ھوئے اور یہ سلسلہ روز کے حساب سے چل رہا ھے اور کھڑکھڑنے والی آمد کی صبح تک جاری رھے گا، خواجہ فاروق مرحوم و مغفور رحمت اللہ علیہ کا تعلق دھمنی سے تھا، خواجہ فاروق انتہائی ملنسار غمخوار آور درد دل رکھنے والے انسان و انسانیت کے قدر دان تھے، ناداروں مفلسوں غریبوں و بے سہارا لوگوں کی دل کھول کر امداد کیا کرتے تھے، مستحق لوگوں کی مدد کرنا ان کا شعار اول تھا، وہ بیرون ملک کلیدی عہد پر کافی عرصہ تک فائز رھے، انھوں نے اسلام آباد پاکستان میں مختلف سفارت خانوں میں بھی اپنی خدمات سرانجام دیں، نوکری سے سبکدوشی کے بعد وہ واپس گھر تشریف لائے پیرانہ سالی کی وجہ سے اکثر بیمار رہتے، خرابی صحت کے باوجود وہ سماجی کاموں میں پیش پیش رہتے، کم و پیش خواجہ صاحب 20 سال بیمار رھے مگر خدمت خلق میں انھوں نے بیماری کو آڑے نہیں آنے دیا اور ہمت نہیں ہاری برداری اور محلّہ کی سطح پر وہ ہمدردانہ کردار ادا کرتے رھے، وہ ہمدردانہ ہر دلعزیز اور بیلوث شخصیت کے مالک تھے، سب دوست واحباب میں وہ عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے، سیاسی سفر کا آغاز انھوں نے بانی صدر آزاد کشمیر غازی ملت سردار محمد ابراھیم خان کے ساتھ کیا، مرحوم سردار خالد ابراھیم خان کے ساتھ وابستہ رھے، جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے ساتھ وہ آخری سانس تک وابستہ رھے، وہ سردار خالد ابراھیم خان کے دیرینہ ساتھیوں میں سے تھے، راولاکوٹ شہر میں آنا خواجہ فاروق صاحب کا روزانہ کا معمول تھا جہاں وہ اپنے خالہ زاد بھائی خواجہ شریف کی دکان پر زیادہ وقت گزارہ کرتے تھے، وہ عوامی آدمی تھے لوگوں میں گل مل جایا کرتے تھے، انھوں نے سوگواران میں 5 بیٹے اور 2 بیٹیاں چھوڑی ہیں، خواجہ فاروق صاحب کی نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی، انھیں بہت عزت واحترام کے ساتھ فرط غم اشکوں کی برسات کے ساتھ سفر برزخ کو روانہ گیا گیا، دعا ھے اللہ پاک خواجہ فاروق صاحب کو جوار رحمت عطا فرمائے آمین

موت کی تلاش

عبداللہ بھٹی

ساٹھ سال سے زائد عمر کی بوڑھی عورت جو ہڈیوں کے پراسرار ڈھانچے کی شکل میں کار کی پچھلی سیٹ پڑی تھی نے میری طرف مدد طلب نظروں سے دیکھا اور کہا پروفیسر صاحب کیا آپ میری مدد کر سکتے ہیں میرا دنیاوی مسئلہ کوئی نہیں ہے آپ کے پاس جو بہت سارے لوگ روحانی مدد یا فیض کے لیے آئے ہوئے ہیں میرا مسئلہ اُن جیسا نہیں بلکہ بلکل اُلٹ ہے میں بہت سارے روحانی معالجوں کے پاس اپنا وقت برباد کر کے اب آپ کے پاس بہت امید سے آئی ہوں اِس لیے تا کہ آپ میری مدد کر سکیں میری حالت دیکھ کر آپ کو بخوبی اندازہ ہو گیا ہوگا کہ میں بیماریوں کا چلتا پھرتا اشتہار دھرتی پر جتنی بیماریاں ہیں وہ ساری کی ساری میرے اندر سرنگیں بنا چکی ہیں آپ کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ میں ایک پڑھی لکھی ڈاکٹر ہوں انسانی جسم اِس کی اوقات اور اندرونی نظاموں کو خوب اچھی طرح جانتی ہوں جب بوڑھی عورت نے یہ کہا میں ڈاکٹر ہوں تو میں واقعی پریشان ہو گیا کیس پر اب پراسراریت کا رنگ غالب آ گیا تھا بوڑھی عورت کسی نہایت پراسرار بیماری یا مسئلے کا شکار تھی میں نے پچھلی سیٹ پر پڑی لاش نما بوڑھی عورت کو الجھی نظروں سے دیکھا اور بولا جی فرمائیں میں آپ کی کیا مدد کر سکتا ہوں تو بوڑھی مایوس لہجے میں بولی میری مدد تو اب صرف اللہ اور موت ہی کر سکتی ہے لیکن پتہ نہیں پھر بھی میں کیوں آپ جیسے لوگوں پر بھروسہ کرنے آ جاتی ہوں بوڑھی عورت شدید مایوسی کا شکار تھی کوئی لا علاج بیماری تھی جو اِس کی رگوں میں خون کی جگہ گردش کر رہی تھی میں جلدی حقیقت کی تہہ تک پہنچنا چاہتا تھا اِس پراسرار بیماری کی وجہ کیا ہے میں سوالیہ نظروں سے بوڑھی عورت کو دیکھ رہا تھا اب سوالیہ لہجے میں بولا جی ماں جی فرمائیں آپ کا مسئلہ بیماری پریشانی سوال کیا ہے اور میں کس طرح آپ کی مدد کر سکتا ہوں میری بات سن کر بیماریوں کے ڈھانچے نے اٹھنے کے لیے حرکت کی کوشش کی لیکن کسمسا کر پھر گر سی گئی چہرے اور آنکھوں میں موت کی چاپ سنائی دینے لگی خوف کی لہر میری ریڑھ کی ہڈی میں گردش کرنے لگی کیونکہ بوڑھی عورت اٹھنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن بیماریوں کے طویل اثرات بڑھاپا اور نقاہت اُس کو اجازت نہیں دے رہے تھے اُس کی لاچارگی دیکھ کر میں بولا آپ اٹھنے کی کوشش نہ کریں بتانے کی کوشش کریں کہ آپ کے ساتھ مسئلہ کیا ہے مجھے لگا شاید طویل بیماری اور بڑھاپے کی وجہ سے عورت نفسیاتی عوارض کا شکار ہو کر وہمی سی ہو گئی ہو کہ مجھ پر جادو جنات آسیب کا اثر ہو گیا کیونکہ ہمارے ملک میں جب جسم بڑھاپے کی حدود میں داخل ہوتا ہے اور بیماریاں کمزور ایمیون سسٹم کی وجہ سے حملہ ہوتی ہیں تو دوائیاں اثر نہیں کرتیں تو مریض ایک ڈاکٹر سے دوسرے ڈاکٹر معالج ہسپتال لیبارٹریاں بدلتا نظر آتا ہے پھر اِس وہم کا شکار ہو جاتا ہے کہ مجھ پر نظر بد جادو یا کوئی خوفناک آسیب چڑھ گیا ہے ایسے مریض یہ بھول جاتے ہیں کہ ان کا وقت پورا ہو گیا بڑھاپے کی وجہ سے میٹابولزم اب زیادہ طاقت سے بیماریوں کا مقابلہ نہیں کر رہا۔

”پاک افغان بارڈر پر کشیدگی، دہشت گردی کے دوبارہ ابھرنے کا خدشہ“

نسیم الحق زاہد یا اقوام متحدہ کی جانب سے مخصوص دنوں ، ہفتوں، سالوں اور دہائیوں کو مخصوص واقعات یا عنوانات کی نشاندہی کے لیے مختص کیا جاتا ہے تا کہ تنظیم کے مقاصد کو آگاہی اور عمل کے ذریعے فروغ دیا جا سکے عام طور پر یہ ایک یا زیادہ رکن ممالک ہیں جو ان مشاہدات کی تجویز پیش کرتے ہیں اور جنرل اسمبلی انہیں ایک قراداد کے ساتھ قائم کرتی ہے ایسے موقعوں پر ان تقریبات کا اعلان اقوام متحدہ کے خصوصی اداروں جیسے یونیسکو، یونیسف، ایف اے او وغیرہ کی طرف سے کیا جاتا ہے یہاں ان مسائل کے بارے میں بات کی جاتی ہے جن کے بارے میں یہ ادارے فکر مند ہوتے ہیں اور جو مسائل ان کے مشاہدات میں آتے ہیں ان میں سے کچھ کو بعد میں جنرل اسمبلی کے ذریعے منظور کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح عالمی دنوں میں سے بین الاقوامی انسانی یکجہتی کا دن بھی منایا جاتا ہے کیونکہ پائیدار ترقی کا ایجنڈا لوگوں اور کرہ ارض پر مرکوز ہے، جس کی بنیاد انسانی حقوق پر ہے اور لوگوں کو غربت، بھوک اور بیماری سے نکالنے کے لیے پرعزم عالمی شراکت داری کے ذریعے تعاون کیا گیا ہے۔ بین الاقوامی یکجہتی افراد، لوگوں، ریاستوں اور بین الاقوامی تنظیموں کے درمیان اتحاد کے جذبے کا اظہار ہے۔ اس میں مفادات، مقاصد اور اعمال کا اتحاد اور مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے مختلف ضروریات اور حقوق کی پہچان شامل ہے۔ ملینیم ڈیکلریشن میں یکجہتی کو 21 ویں صدی میں بین الاقوامی تعلقات کی بنیادی اقدار میں سے ایک کے طور پر شناخت کیا گیا ہے، جس میں وہ لوگ جو یا تو نقصان اٹھاتے ہیں یا کم سے کم فائدہ اٹھاتے ہیں ان کی مدد کے مستحق ہیں جو سب سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ نتیجتاً، عالمگیریت اور بڑھتی ہوئی عدم مساوات کے چیلنج کے تناظر میں، بین الاقوامی یکجہتی کو مضبوط کرنا ناگزیر ہے۔ لہذا، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اس مئوقف کو تسلیم کیا کہ غربت سے نمٹنے کے لیے یکجہتی کے کلچر اور اشتراک کے جذبے کو فروغ دینا اہم ہے اور 20 دسمبر کو عالمی یوم انسانی یکجہتی کے طور پر منانے کا اعلان کیا۔ غربت کے خاتمے کے لیے عالمی یکجہتی فنڈ کے قیام اور انسانی یکجہتی کے عالمی دن کے اعلان جیسے اقدامات کے ذریعے، یکجہتی کے تصور کو غربت کے خلاف جنگ اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت میں اہم قرار دیا گیا۔ یکجہتی کے تصور نے تنظیم کے قیام کے بعد سے ہی اقوام متحدہ کے کام کی تعریف کی ہے۔ اقوام متحدہ کے قیام نے دنیا کے لوگوں اور اقوام کو امن، انسانی حقوق اور سماجی اور اقتصادی ترقی کے فروغ کے لیے اکٹھا کیا۔ تنظیم کی بنیاد اس کے اراکین کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی کی بنیادی بنیاد پر رکھی گئی ، جس کا اظہار اجتماعی سلامتی کے تصور میں کیا گیا تھا جو کہ "بین الاقوامی امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے" کے لیے اپنے اراکین کی یکجہتی پر انحصار کرتا ہے۔ یہ یکجہتی کے جذبے میں ہے کہ تنظیم "معاشی، سماجی، ثقافتی یا انسانی کردار کے بین الاقوامی مسائل کے حل میں تعاون" پر بھی انحصار کرتی ہے۔ جنرل اسمبلی نے 22 دسمبر 2005 کو قرارداد 60/209 کے ذریعے یکجہتی کو ان بنیادی اور آفاقی اقدار میں سے ایک کے طور پر شناخت کیا جو اکیسویں صدی میں لوگوں کے درمیان تعلقات کو قائم رکھے اور اس سلسلے میں ہر سال 20 دسمبر کو بین الاقوامی سطح پر انسانی یکجہتی کا دن منانے کا اعلان کیا۔ قرارداد 57/265 کے ذریعے جنرل اسمبلی نے 20 دسمبر 2002 کو عالمی یکجہتی فنڈ قائم کیا، جو فروری 2003 میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے ٹرسٹ فنڈ کے طور پر قائم کیا گیا تھا۔ اس کا مقصد غربت کا خاتمہ اور ترقی پذیر ممالک میں خاص طور پر ان کی آبادی کے غریب ترین طبقات میں انسانی اور سماجی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ بین الاقوامی یکجہتی بین الاقوامی نظم وضبط کو برقرار رکھنے اور بین الاقوامی معاشرے کی بقا کو یقینی بنانے کے لیے عصری بین الاقوامی قانون کے تحت ایک بنیادی اصول ہے۔ یہ دن ہمارے اتحاد کو منانے کا دن ہے حکومتوں کو بین الاقوامی معاہدوں کے حوالے سے اپنے وعدوں کا احترام کرنے کی یاد دلانے کا دن ہے۔ یکجہتی کی اہمیت کے بارے میں عوامی بیداری بڑھانے کا دن ہے۔ غربت کے خاتمے سمیت پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے یکجہتی کو فروغ دینے کے طریقوں پر بحث کی حوصلہ افزائی کرنے کا دن ہے اور غربت کے خاتمے کے لیے نئے اقدامات کی حوصلہ افزائی کے لیے کارروائی کا دن ہے۔ اس کے ساتھ بین الاقوامی یکجہتی کا عمومی مقصد ایک ایسا حوصلہ افزا ماحول پیدا کرنا ہے جہاں ریاستوں کے درمیان اور ان کے اندر عدم مساوات اور عدم مساوات کی وجوہات کو روکنا اور ان کو دور کرنا ہے اور ساختی رکاوٹیں جو دنیا بھر میں غربت اور عدم مساوات کو پیدا کرتی ہیں اور اسے برقرار رکھتی ہیں ان پر غور و فکر کرنا ہے۔

بین الاقوامی انسانی یکجہتی کا دن 20 دسمبر

ڈاکٹر صائمہ

اقوام متحدہ کی جانب سے مخصوص دنوں ، ہفتوں، سالوں اور دہائیوں کو مخصوص واقعات یا عنوانات کی نشاندہی کے لیے مختص کیا جاتا ہے تا کہ تنظیم کے مقاصد کو آگاہی اور عمل کے ذریعے فروغ دیا جا سکے عام طور پر یہ ایک یا زیادہ رکن ممالک ہیں جو ان مشاہدات کی تجویز پیش کرتے ہیں اور جنرل اسمبلی انہیں ایک قراداد کے ساتھ قائم کرتی ہے ایسے موقعوں پر ان تقریبات کا اعلان اقوام متحدہ کے خصوصی اداروں جیسے یونیسکو، یونیسف، ایف اے او وغیرہ کی طرف سے کیا جاتا ہے یہاں ان مسائل کے بارے میں بات کی جاتی ہے جن کے بارے میں یہ ادارے فکر مند ہوتے ہیں اور جو مسائل ان کے مشاہدات میں آتے ہیں ان میں سے کچھ کو بعد میں جنرل اسمبلی کے ذریعے منظور کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح عالمی دنوں میں سے بین الاقوامی انسانی یکجہتی کا دن بھی منایا جاتا ہے کیونکہ پائیدار ترقی کا ایجنڈا لوگوں اور کرہ ارض پر مرکوز ہے، جس کی بنیاد انسانی حقوق پر ہے اور لوگوں کو غربت، بھوک اور بیماری سے نکالنے کے لیے پرعزم عالمی شراکت داری کے ذریعے تعاون کیا گیا ہے۔ بین الاقوامی یکجہتی افراد، لوگوں، ریاستوں اور بین الاقوامی تنظیموں کے درمیان اتحاد کے جذبے کا اظہار ہے۔ اس میں مفادات، مقاصد اور اعمال کا اتحاد اور مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے مختلف ضروریات اور حقوق کی پہچان شامل ہے۔ ملینیم ڈیکلریشن میں یکجہتی کو 21 ویں صدی میں بین الاقوامی تعلقات کی بنیادی اقدار میں سے ایک کے طور پر شناخت کیا گیا ہے، جس میں وہ لوگ جو یا تو نقصان اٹھاتے ہیں یا کم سے کم فائدہ اٹھاتے ہیں ان کی مدد کے مستحق ہیں جو سب سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ نتیجتاً، عالمگیریت اور بڑھتی ہوئی عدم مساوات کے چیلنج کے تناظر میں، بین الاقوامی یکجہتی کو مضبوط کرنا ناگزیر ہے۔ لہذا، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اس مئوقف کو تسلیم کیا کہ غربت سے نمٹنے کے لیے یکجہتی کے کلچر اور اشتراک کے جذبے کو فروغ دینا اہم ہے اور 20 دسمبر کو عالمی یوم انسانی یکجہتی کے طور پر منانے کا اعلان کیا۔ غربت کے خاتمے کے لیے عالمی یکجہتی فنڈ کے قیام اور انسانی یکجہتی کے عالمی دن کے اعلان جیسے اقدامات کے ذریعے، یکجہتی کے تصور کو غربت کے خلاف جنگ اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت میں اہم قرار دیا گیا۔ یکجہتی کے تصور نے تنظیم کے قیام کے بعد سے ہی اقوام متحدہ کے کام کی تعریف کی ہے۔ اقوام متحدہ کے قیام نے دنیا کے لوگوں اور اقوام کو امن، انسانی حقوق اور سماجی اور اقتصادی ترقی کے فروغ کے لیے اکٹھا کیا۔ تنظیم کی بنیاد اس کے اراکین کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی کی بنیادی بنیاد پر رکھی گئی ، جس کا اظہار اجتماعی سلامتی کے تصور میں کیا گیا تھا جو کہ "بین الاقوامی امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے" کے لیے اپنے اراکین کی یکجہتی پر انحصار کرتا ہے۔ یہ یکجہتی کے جذبے میں ہے کہ تنظیم "معاشی، سماجی، ثقافتی یا انسانی کردار کے بین الاقوامی مسائل کے حل میں تعاون" پر بھی انحصار کرتی ہے۔ جنرل اسمبلی نے 22 دسمبر 2005 کو قرارداد 60/209 کے ذریعے یکجہتی کو ان بنیادی اور آفاقی اقدار میں سے ایک کے طور پر شناخت کیا جو اکیسویں صدی میں لوگوں کے درمیان تعلقات کو قائم رکھے اور اس سلسلے میں ہر سال 20 دسمبر کو بین الاقوامی سطح پر انسانی یکجہتی کا دن منانے کا اعلان کیا۔ قرارداد 57/265 کے ذریعے جنرل اسمبلی نے 20 دسمبر 2002 کو عالمی یکجہتی فنڈ قائم کیا، جو فروری 2003 میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے ٹرسٹ فنڈ کے طور پر قائم کیا گیا تھا۔ اس کا مقصد غربت کا خاتمہ اور ترقی پذیر ممالک میں خاص طور پر ان کی آبادی کے غریب ترین طبقات میں انسانی اور سماجی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ بین الاقوامی یکجہتی بین الاقوامی نظم وضبط کو برقرار رکھنے اور بین الاقوامی معاشرے کی بقا کو یقینی بنانے کے لیے عصری بین الاقوامی قانون کے تحت ایک بنیادی اصول ہے۔ یہ دن ہمارے اتحاد کو منانے کا دن ہے حکومتوں کو بین الاقوامی معاہدوں کے حوالے سے اپنے وعدوں کا احترام کرنے کی یاد دلانے کا دن ہے۔ یکجہتی کی اہمیت کے بارے میں عوامی بیداری بڑھانے کا دن ہے۔ غربت کے خاتمے سمیت پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے یکجہتی کو فروغ دینے کے طریقوں پر بحث کی حوصلہ افزائی کرنے کا دن ہے اور غربت کے خاتمے کے لیے نئے اقدامات کی حوصلہ افزائی کے لیے کارروائی کا دن ہے۔ اس کے ساتھ بین الاقوامی یکجہتی کا عمومی مقصد ایک ایسا حوصلہ افزا ماحول پیدا کرنا ہے جہاں ریاستوں کے درمیان اور ان کے اندر عدم مساوات اور عدم مساوات کی وجوہات کو روکنا اور ان کو دور کرنا ہے اور ساختی رکاوٹیں جو دنیا بھر میں غربت اور عدم مساوات کو پیدا کرتی ہیں اور اسے برقرار رکھتی ہیں ان پر غور و فکر کرنا ہے۔ امن و سلامتی، ترقی اور انسانی حقوق کو فروغ دینے کے لیے ریاستوں اور غیر ریاستی عناصر کے درمیان اعتماد اور باہمی احترام کو فروغ دینا اور ایک ایسے سماجی اور بین الاقوامی نظام کو فروغ دینا ہے جس میں تمام انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کا مکمل ادراک ہو سکے۔ ۔ اقوام متحدہ ایک بین الاقوامی تنظیم ہے جس کی بنیاد 1945ء میں دوسری جنگ عظیم کے بعد 51 ممالک نے بین الاقوامی امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے ، اقوام کے درمیان دوستانہ تعلقات کو فروغ دینے اور سماجی ترقی، بہتر معیار زندگی اور انسانی حقوق کو فروغ دینے کے لیے رکھی گئی تھی۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ اقوام متحدہ کی جانب سے مخصوص کردہ عالمی دنوں، ہفتوں اور مہینوں کو عوامی شعور و بیداری کے ساتھ منانے کا اہتمام کیا جائے۔ ان مقاصد کے لیے تعلیمی اداروں سمیت تمام سماجی ، فلاحی تنظیموں کے اشتراک سے سیمینارز منعقد کروائے جائیں تا کہ انسانیت کے جذبے کو فروغ دیا جا سکے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کا احترام کیا جائے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے مخصوص دنوں ، ہفتوں، سالوں اور دہائیوں کو مخصوص واقعات یا عنوانات کی نشاندہی کے لیے مختص کیا جاتا ہے تا کہ تنظیم کے مقاصد کو آگاہی اور عمل کے ذریعے فروغ دیا جا سکے عام طور پر یہ ایک یا زیادہ رکن ممالک ہیں جو ان مشاہدات کی تجویز پیش کرتے ہیں اور جنرل اسمبلی انہیں ایک قراداد کے ساتھ قائم کرتی ہے ایسے موقعوں پر ان تقریبات کا اعلان اقوام متحدہ کے خصوصی اداروں جیسے یونیسکو، یونیسف، ایف اے او وغیرہ کی طرف سے کیا جاتا ہے یہاں ان مسائل کے بارے میں بات کی جاتی ہے جن کے بارے میں یہ ادارے فکر مند ہوتے ہیں اور جو مسائل ان کے مشاہدات میں آتے ہیں ان میں سے کچھ کو بعد میں جنرل اسمبلی کے ذریعے منظور کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح عالمی دنوں میں سے بین الاقوامی انسانی یکجہتی کا دن بھی منایا جاتا ہے کیونکہ پائیدار ترقی کا ایجنڈا لوگوں اور کرہ ارض پر مرکوز ہے، جس کی بنیاد انسانی حقوق پر ہے اور لوگوں کو غربت، بھوک اور بیماری سے نکالنے کے لیے پرعزم عالمی شراکت داری کے ذریعے تعاون کیا گیا ہے۔ بین الاقوامی یکجہتی افراد، لوگوں، ریاستوں اور بین الاقوامی تنظیموں کے درمیان اتحاد کے جذبے کا اظہار ہے۔ اس میں مفادات، مقاصد اور اعمال کا اتحاد اور مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے مختلف ضروریات اور حقوق کی پہچان شامل ہے۔ ملینیم ڈیکلریشن میں یکجہتی کو 21 ویں صدی میں بین الاقوامی تعلقات کی بنیادی اقدار میں سے ایک کے طور پر شناخت کیا گیا ہے، جس میں وہ لوگ جو یا تو نقصان اٹھاتے ہیں یا کم سے کم فائدہ اٹھاتے ہیں ان کی مدد کے مستحق ہیں جو سب سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔

Show
Biz
شوبز کارنر

سرمایہ کاری کرنا فنکاروں کا نہیں فلم سازوں کا کام: میرا

فلم انڈسٹری دوبارہ مضبوط اور خوشحال ہو لیکن اس کیلئے سب کا متحد ہونا ضروری ہے، فلم سٹار

فیصل آباد (یواین پی) فلم سٹار میرا نے کہا ہے کہ فلم انڈسٹری کی بحالی کی ذمہ داری صرف فنکاروں پر نہیں بلکہ انڈسٹری سے وابستہ ہر فنکار پر ہے۔ اتفاق کے بغیر کسی بھی شعبے میں کامیابی حاصل نہیں کی جا سکتی، اگر انڈسٹری کے لوگ ایک ہو جائیں تو مسائل کا حل ممکن ہے۔ اپنے ایک انٹرویو کے دوران میرا نے کہا کہ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ فلم انڈسٹری میں سب سے زیادہ کردار فنکاروں کا ہوتا ہے لیکن سرمایہ کاری کرنا فنکاروں کا نہیں بلکہ فلم سازوں کا کام ہے۔

غیر رومانوی تھرلر فلم ماریہ کا پہلا پوسٹر سوشل میڈیا پر جاری

فیچر فلم ماریہ ایگزیکٹو پروڈیوسر ظفر ملک جبکہ خالد حسن خان ہدایت کار ہیں

کراچی (یواین پی) غیر رومانوی تھرلر فلم ماریہ کا پہلا پوسٹر سوشل میڈیا پر جاری، فیچر فلم "ماریہ" میں ایک غریب عیسائی لڑکی اور کراچی کے ایک خوشحال گھرانے کے لندن پلٹ مسلمان لڑکے کے درمیان بین المذاہب شادی کو موضوع بنایا گیا ہے، یہ گوا سے تعلق رکھنے والی ایک یتیم لڑکی کے کنبہ کی کہانی ہے جو اپنی ماں اور بھائی کے ساتھ کراچی میں مقیم ہیں، خالد حسن خان نے اس اسکرین پلے کو ایک غیر رومانوی تھرلر کے طور پر لکھا ہے جو کہ معروف شاعر شمیم احمد شیرازی کی اصل کہانی پر مبنی ہے، یہ ایک عیسائی لڑکی کی کہانی ہے جسے ایک مسلمان لڑکے سے غیر متوقع شادی کا پیغام ملتا ہے، لڑکی کو ایک ناقابل یقین صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جب وہ اس تجویز کو قبول کرنے سے انکار کر دیتی ہے، ماریہ کی بدقسمت زندگی ایک پیچیدہ موڑ کی وجہ سے مزید الجھن سے دوچار ہو جاتی ہے۔

فلم اواتار دیکھنے سے عجیب مسئلے کا سامنا ہونے کا انکشاف

اواتار ایسی سائنس فکشن فلم تھی جو ناظرین نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی

ممبئی (این این آئی) 2009 میں ریلیز ہونے والی فلم اواتار نے دنیا میں سب سے زیادہ بزنس کرنے کا ریکارڈ قائم کیا تھا مگر اسے دیکھنے والے متعدد افراد کو بھی عجیب مسئلے کا سامنا ہوا تھا۔ اواتار ایسی سائنس فکشن فلم تھی جو ناظرین نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس میں دکھائی جانے والی رنگین خلائی دنیا (پنڈورا) کے لہراتے جنگلات، تیرتی پہاڑیاں اور عجیب مخلوقات دنگ کر دینے والے تھے۔ مگر ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ جب اواتار کو ریلیز کیا گیا۔

لیجنڈری امیتابھ بچن کا بھارت میں 'شہری آزادیوں' پر تشویش کا اظہار

شاہ رخ کے فنکارانہ تحمل کو سلیوٹ پیش کرتا ہوں جس سے مساوات اور تکثیریت کو فروغ ملتا ہے

کولکتہ (این این آئی) بالی وڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن نے بھارت میں 'شہری آزادیوں' اور 'آزادی اظہار رائے' کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کر دیا۔ 80 سالہ اداکار نے کولکتہ انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کی تقریب میں محتاط انداز میں سیاسی صورت حال پر تبصرہ کیا ہے۔ امیتابھ بچن کا کہنا تھا کہ آج کل شہری آزادیوں اور اظہار رائے کی آزادی کے متعلق سوالات اٹھ رہے ہیں اور اسٹیج پر موجود میرے ہم کار میرے بات سے یقینی طور پر اتفاق کریں گے۔ اسٹیج پر امیتابھ بچن کے ساتھ بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان بھی موجود تھے، جن کی فلم 'پٹھان' کو بھی بائیکاٹ مہم کا سامنا ہے۔

ڈرامہ کی ڈیمانڈ ہے تو تھپڑ کھانے میں مجھے کوئی اعتراض نہیں، انوشے عباسی

کراچی (یواین پی) اداکارہ انوشے عباسی کا کہنا ہے کہ اگر کسی ڈرامہ کے اسکرپٹ میں تھپڑ کھانا لکھا ہے تو مجھے ایسے ڈرامے کرنے میں کوئی اعتراض نہیں۔ اداکارہ سے سوال پوچھا گیا کہ ڈراموں میں خواتین کو تھپڑ مارنا معمول بن گیا ہے یہاں تک کہ تشدد دکھانا بھی عام سا سمجھا جاتا ہے کیا ایسے اسکرپٹ دیکھ کر اداکاروں کو ڈرامہ کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہوتا؟ میزبان کی جانب سے پوچھے گئے سوال پر انوشے عباسی نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ مجھے نہیں لگتا ہے کہ تھپڑ کھانے پر کسی اداکار کو کوئی مسئلہ ہونا چاہیے کیوں کہ دوسری انڈسٹری میں تو لوگ دوسروں کا قتل، سر پھوڑنا یہاں تک کہ گولی کھانے کو بھی تیار ہو جاتے ہیں۔

برصغیر کی معروف گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں کی 22 ویں برسی 23 دسمبر کو منائی جائیگی

مداح انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے خصوصی تقاریب کا اہتمام کریں گے

لاہور (یواین پی) برصغیر کی معروف گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں کی 22 ویں برسی 23 دسمبر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں لاہور، ٹھٹھہ صادق آباد اور دیگر شہروں میں ان کے مداح انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے خصوصی تقاریب کا اہتمام کریں گے جس میں عزیز و اقارب اور فلمی دنیا سے وابستہ شخصیات شریک ہوں گی جبکہ مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی جائے گی اور ان کی قبر پر فاتحہ خوانی اور پھولوں کی چادریں چڑھائی جائیں گی۔ میڈم نور جہاں کی برسی کے حوالے سے ریڈیو اور ٹی وی چینلز خصوصی پروگرام نشر کریں گے۔

سوشل میڈیا پر لوگ صرف اداکاروں سے الجھتے ہیں، اشنا شاہ

ان کا زیادہ تر وقت کینیڈا میں گزرا، اس لئے ان کی اردو کمزور ہے

لاہور (یواین پی) اداکارہ اشنا شاہ کا کہنا ہے کہ وہ ان سینئر فنکاروں کے ساتھ کام کرنے کی خواہشمند ہیں جنہوں نے ان کی والدہ کے ساتھ کام کیا تھا۔ انٹرویو میں اشنا شاہ نے کہا کہ پاکستان میں لوگوں کو سوشل میڈیا کے استعمال کا سلیقہ نہیں، انہیں یہ سمجھنے میں وقت لگے گا کہ سوشل میڈیا کو کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، دنیا بھر میں سوشل میڈیا کے ذریعے معاشرے کے مسائل کو اجاگر کیا جاتا ہے لیکن پاکستان میں سوشل میڈیا کے ذریعے فنکاروں پر تنقید کی جاتی ہے۔ اشنا شاہ کی والدہ عصمت طاہرہ بھی ٹی وی کے لاتعداد ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں جب کہ ان کی بڑی بہن ارسا غزل بھی اداکاری کے شعبے سے وابستہ ہیں۔ اس حوالے سے اشنا شاہ کا کہنا ہے کہ ان موجودہ دور کے معروف فنکاروں کے ساتھ ساتھ ان لیجنڈ اداکاروں کے ساتھ بھی کام کرنا چاہتی ہیں۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

نیشنل فٹبال چیلنج کپ یکم جنوری سے شروع ہو گا

میگا ایونٹ میں 32 ٹیمیں شرکت کریں گی جنہیں 8 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے

راولپنڈی (اے ایف بی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے زیر اہتمام نیشنل فٹبال چیلنج کپ یکم جنوری سے شروع ہوگا، ٹورنامنٹ کے میچز راولپنڈی، پشاور، کوئٹہ، چمن، کراچی، لاہور، فیصل آباد اور بہاولپور میں کھیلے جائیں گے۔ پی ایف ایف کے مطابق میگا ایونٹ میں 32 ٹیمیں شرکت کریں گی جنہیں 8 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ واپڈا کی ٹیم اعزاز کا دفاع کرے گی، دیگر ٹیموں میں پاکستان آرمی، پی اے ایف، نیوی، پولیس، پاکستان ریلویز، ہائیر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی)، کے پی ٹی، کے آر ایل، سوئی ناردرن گیس، کراچی یونائیٹڈ، فالکن گروپ، ہزارا کول کمپنی، ایشیا گھی ملز، پی او ایف واہ، گوادر پورٹ اتھارٹی، اشرف شوگر ملز، سٹیٹ لائف انشورنس، نسمو، اوٹو کریٹز، ماشا یونائیٹڈ، پی اے سی اے، ایس اے گارڈنز، سیف ٹیکسٹائل، ایکوا پیور واٹر، مسلم ہینڈز، حسین ہومز ٹیکسٹائل ملز، مائکو، کالاش ملز، میسن بلڈرز، ڈبلیو ایس ٹی سی، بی ایچ سی سی اور ایس اے فارمز شامل ہیں۔ پہلے مرحلے کے میچز یکم جنوری سے 11 فروری تک آٹھ شہروں راولپنڈی، پشاور، کوئٹہ، چمن، کراچی، لاہور، فیصل آباد اور بہاولپور میں کھیلے جائیں گے، اس دوران ہر ٹیم کو 3 ہوم اور 3 اوے میچز کھیلنے کا موقع ملے گا، ہر گروپ سے سرفہرست 2 ٹیمیں راؤنڈ 16 کے لئے کوالیفائی کریں گی۔ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 10 لاکھ، رنرز اپ کو 5 لاکھ اور تیسری پوزیشن پانے والی ٹیم کو ڈھائی لاکھ روپے انعامی رقم دی جائے گی، فیئر پلے ایوارڈ کے ساتھ 2 لاکھ دیئے جائیں گے۔

بھارتی کپتان روہت شرما بنگلادیش کیخلاف دوسرے ٹیسٹ سے بھی باہر

روہت شرما اب ٹور میں ٹیم کو جوائن نہیں کریں گے: بھارتی میڈیا رپورٹس

ممبئی (یواین پی) بھارتی کپتان روہت شرما بنگلادیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ سے بھی باہر ہو گئے۔ روہت شرما دوسرے ون ڈے کے دوران انجری کا شکار ہوئے تھے اور ان کی جگہ نائب کپتان کے ایل راہول ہی دوسرے ٹیسٹ میں ٹیم کی قیادت کریں گے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس میں بتایا جا رہا ہے کہ روہت شرما اب ٹور میں ٹیم کو جوائن نہیں کریں گے۔ بھارت اور بنگلادیش کے درمیان دوسرا ٹیسٹ 22 دسمبر سیڈھا کا میں شروع ہوگا۔ واضح رہے کہ بھارت کو بنگلادیش کے خلاف دو ٹیسٹ کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہے۔ بھارتی کپتان روہت شرما بنگلادیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ سے بھی باہر ہو گئے۔ روہت شرما دوسرے ون ڈے کے دوران انجری کا شکار ہوئے تھے اور ان کی جگہ نائب کپتان کے ایل راہول ہی دوسرے ٹیسٹ میں ٹیم کی قیادت کریں گے۔

ویڈیو: چیمپئن بننے کے بعد میسی سمیت کھلاڑیوں کا ڈریسنگ روم میں جشن

اتوار کو کھیلے گئے ورلڈکپ فائنل کا فیصلہ پینالٹی ککس پر ہوا تھا

دوحہ (یواین پی) فٹبال ورلڈکپ 2022 کے فائنل میں ارجنٹینا نے دفاعی چیمپئن فرانس کو شکست دیکر یورپ کی 16 سالہ اجارہ داری ختم کرتے ہوئے جیت کا بھرپور جشن منایا۔ سوشل میڈیا پیج پر فٹبال چیمپئن بننے والے ارجنٹینا کے کھلاڑیوں کی ڈریسنگ روم سے ایک ویڈیو شیئر کی گئی ہے، جس میں کھلاڑیوں کو گول دائرہ میں گھومتے اور رقص کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں پرجوش کھلاڑیوں کو 'ایک منٹ کی خاموشی ایمباپے کیلئے جو مر گیا' بھی کہتے سنا گیا۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر ہی شیئر کی جانے والی ایک ویڈیو میں لیونل میسی کو ٹرافی اٹھائے ٹیبل پر چڑھے ڈانس کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ یاد رہے کہ اتوار کو کھیلے گئے ورلڈکپ فائنل کا فیصلہ پینالٹی ککس پر ہوا تھا۔

لیونل میسی کا انٹرنیشنل فٹبال میں ملک کی نمائندگی جاری رکھنے کا اعلان

دوحہ (این این آئی) ارجنٹینا کے کنگ لیونل میسی نے انٹرنیشنل فٹبال میں ملک کی نمائندگی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ فرانس کو شکست دے کر ارجنٹینا کو 36 سال بعد فٹبال کا عالمی چیمپئن بنوانے والے میسی نے واضح کیا ہے کہ وہ انٹرنیشنل فٹبال سے ریٹائر نہیں ہو رہے ہیں، اپنے ملک کی طرف سے بطور چیمپئن کھیل جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ 35 سالہ میسی کے مطابق خواہش ہے کہ ایک چیمپئن کھلاڑی کے طور پر ابھی چند مزید میچز میں ارجنٹینا کی نمائندگی کرنے کا اعزاز پاؤں۔ لیونل میسی کا کہنا تھا کہ خوش قسمت ہوں کہ کیریئر میں ہر ٹائٹل کا حصہ بنا ہوں اور یہ ورلڈکپ ٹرافی تھی جو میرے پاس نہیں تھی، وہ بھی اب پانے میں سرخرو ہوا ہوں۔

اگلے ورلڈکپ کیلئے میسی کی 10 نمبر والی جرسی تیار رکھیں گے، منیجر

دوحہ (این این آئی) ارجنٹینا کی ٹیم کے منیجر اور سابق انٹرنیشنل فٹبالر لیونل سیلونی نے کہا ہے کہ اگر میسی اپنے ملک کے لیے مزید فٹبال کھیلنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہم اگلے ورلڈکپ کے لیے ان کی جرسی تیار رکھیں گے۔ گزشتہ روز کھیلے گئے فیفا ورلڈکپ کے فائنل میں ارجنٹینا نے دفاعی چیمپئن فرانس کو پنالٹی ککس پر شکست دیکر 36 سال بعد تیسری بار فٹبال ورلڈکپ جیتا۔ ارجنٹینا کے کپتان لیونل میسی کے حوالے سے کہا جا رہا تھا، ورلڈکپ کا فائنل فٹبال کے عظیم کھلاڑی کا ممکنہ طور پر آخری میچ ہوگا تاہم فائنل جیتنے کے چند ہی منٹ بعد میسی کا بیان سامنے آیا جس میں انہوں نے کہا کہ ان کا انٹرنیشنل فٹبال سے ریٹائر ہونے کا فی الحال کوئی ارادہ نہیں ہے۔ گزشتہ روز فرانس کو شکست دینے کے بعد ارجنٹینا کے کوچ اور منیجر لیونل سیلونی کا بیان سامنے آیا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ اگر لیونل میسی فیصلہ کر لیتے ہیں کہ وہ آگے بھی کھیلیں گے تو ہمیں اگلے ورلڈکپ کیلئے ان کی 10 نمبر والی جرسی تیار رکھنی چاہیے اور ہم تیار رکھیں گے۔ لیونل سیلونی نے کہا کہ میسی نے اپنے کیریئر میں جو چاہا وہ حاصل کیا اور انہوں نے ساتھی کھلاڑیوں میں جو چیز منتقل کی ہے وہ ناقابل یقین ہے۔

میسی فیفا ورلڈکپ 2022 کے بہترین کھلاڑی قرار

مارچ میں تھائی لینڈ میں چھٹیوں کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے تھے

میلبرن (این این آئی) سابق آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر شین وارن کو آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے درمیان ہونے والے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس حوالے سے کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ شین وارن کو خراج عقیدت باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے پہلے روز پیش کیا جائے گا۔ آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے مابین دوسرا ٹیسٹ 26 دسمبر سے شروع ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کرکٹ آسٹریلیا کی جانب سے کرکٹ فینز کو فلاپی ہیٹ پہن کر میلبرن کرکٹ اسٹیڈیم آنے کی درخواست کی گئی ہے۔

حارث رؤف کا رواں نکاح ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹیم کے فاسٹ بولر حارث رؤف کے حوالے سے اطلاعات ہیں کہ رواں ماہ ان کے نکاح کی تقریب ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حارث رؤف 26 دسمبر کو اسلام آباد میں اپنی کلاس فیلو کے ساتھ رشتہ ازدواج میں بندھ جائیں گے اس حوالے سے جب ہور قلندرز کے قریبی ذرائع سے بات کی گئی تو انہوں نے حارث کے نکاح کی تاریخ کی تصدیق نہیں کی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سہیل وڑائچ کو دیے گئے انٹرویو میں فاسٹ بولر نے بتایا تھا کہ وہ جلد شادی کرنے والے ہیں۔

باسکٹ بال فیڈریشن کا پاکستان سپورٹس بورڈ سے الحاق ہوگیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کا پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن، باسکٹ بال کی عالمی تنظیم "فیبا" اور فیبا ایشیا سے الحاق کے بعد پاکستان سپورٹس بورڈ سے بھی الحاق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ احسان مزاری کی صدارت میں پی ایس بی کے بورڈ کے 26 ویں اجلاس میں پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر (ر) افتخار منصور اور سیکرٹری جنرل خالد بشیر کی قیادت میں ملک میں باسکٹ بال کھیل کے فروغ کیلئے کئے گئے۔

میسی کے نام ایک اور منفرد اعزاز

لیونل میسی کو گولڈن بال ایوارڈ (ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی) دیا گیا

دوحہ (یواین پی) ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی فیفا ورلڈکپ میں دو بار گولڈن بال ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ قطر میں فٹبال ورلڈکپ 2022 کے فائنل میں ارجنٹینا نے فرانس کو شکست دے کر تیسری بار ورلڈکپ جیتا، قطر کے شہر لوسیل کے اسٹیڈیم میں کھیلا گیا میچ مقررہ وقت میں میچ 2-2 سے جب کہ اضافی وقت میں 3-3 سے برابر ہوا تاہم فائنل کا فیصلہ پینالٹی ککس پر ہوا جس میں ارجنٹینا نے 2-4 سے کامیابی حاصل کی۔ میچ کے بعد ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کا اعلان کیا گیا جس میں ارجنٹینا کے فرنانڈس کو ینگ پلیئر کا ایوارڈ دیا گیا۔ جب کہ فرانس کے کیلیان ایمباپے کو گولڈن بوٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ارجنٹینا کے مارٹینز نے بہترین گول کیپر کا گولڈن گلوو ایوارڈ جیتا جب کہ اپنا آخری ورلڈکپ کھیلنے والے ارجنٹینا کے لیونل میسی کو گولڈن بال ایوارڈ (ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی) دیا گیا۔ اس سے قبل میسی کو 2014 کے ورلڈکپ میں گولڈن بال کا اعزاز دیا گیا تھا۔

بقیہ 1

کی ضرورت ہے۔ صوبے میں سکلڈ بیس ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کیلئے نئی یونیورسٹیاں بنائیں گے اور سکلڈ بیس ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیوں کے ٹیچرز کے لئے یکساں پے سکیل متعارف کرانے کا جائزہ لے رہے ہیں اور پے سکیل کو اساتذہ کی کارکردگی کے ساتھ لنک کیا جائے گا۔ مائیکروسافٹ کے ساتھ مل کر نوجوانوں کو فری جدید کورسز کرائے جا رہے ہیں۔ تعلیم کے میدان میں نئے اور جدید رجحانات کو اپنا کر ہی ہم دنیا کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ دنیا میں ٹیکنالوجی ہر لمحے بدل رہی ہے، ہمیں بھی ہائیر ایجوکیشن کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا، اس ضمن میں پنجاب حکومت مکمل سپورٹ کرے گی۔ یونیورسٹیوں میں گورننس کو بہتر بنانے کے لئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیوں کے معاملات درست کرنے کیلئے ایڈہاک ازم کا خاتمہ ضروری ہے۔ یونیورسٹیوں میں ریسرچ کے حوالے سے بہت کام کی ضرورت ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے وظائف بڑھائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے نئی بھرتیوں کی منظوری دی ہے۔ ہائیر ایجوکیشن میں بھرتیاں مکمل میرٹ پر ہوں گی۔ ٹیلنٹڈ اور پروفیشنل اساتذہ وقت کی ضرورت ہے۔ یونیورسٹیز میں انڈسٹریل پراڈکٹ ڈویلپمنٹ کیلئے سپیشلائزڈ ڈسپلن متعارف کرائے جائیں گے۔ سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 2

مخصوص اوورسیز کلب بنایا جائے گا اور اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کی نشاندہی اور حل کے لئے اوورسیز کانفرنس جلد بلائی جائے گی۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی سہولت کے لئے ون ونڈو ریونیو، نادرا اور ایل ڈی اے کاؤنٹرز کو فعال کیا گیا ہے اور ڈسٹرکٹ اوورسیز کمیٹیوں کو نوٹیفائی کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی پنجاب کے ہر محکمے میں بھرپور سپورٹ اور معاونت کریں گے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی اب او پی سی پنجاب سے اپنی اراضی دستاویزات حاصل کر سکتے ہیں۔ 24/7 ہیلپ لائن کے فنکشنل ہونے سے بیرون ملک مقیم پاکستانی کسی بھی وقت اپنا مسئلہ یا شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پرویز الٰہی نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے حقوق کا ہر صورت تحفظ کریں گے۔ دیار غیر میں بسنے والے پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک بسنے والے پاکستانی ہمارا اثاثہ ہیں۔ پنجاب حکومت سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے۔ ملکی معیشت کی مضبوطی کیلئے اوورسیز پاکستانیوں کی خدمات فراموش نہیں کر سکتے۔ وائس چیئرمین پنجاب اوورسیز کمیشن طارق محمود الحسن نے وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کو طارق محمود الحسن نے ادارے کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔

بقیہ 3

روز چار بجے اجلاس نا ہوا اور وزیراعلیٰ پنجاب نے اعتماد کا ووٹ نا لیا تو وزیراعلیٰ کا آفس سیل ہوسکتا ہے، اجلاس نا بھی ہو تو وزیراعلیٰ کو اعتماد کا ووٹ لینا پڑے گا، ہمارے سب کے ساتھ رابطے ہیں، اگر وزیراعلیٰ اعتماد کا ووٹ نہیں لے پاتے تو پھر گورنر نئے وزیراعلیٰ کے انتخاب کیلئے نوٹیفائی کریں گے۔ گورنر ہاؤس میں اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی دوہائی دے رہیں کہ 99 فیصد لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اسمبلیاں نہ ٹوٹیں تو پھر تحریک عدم اعتماد نہ آتی تو کیا ہوتا، انہیں روکا نہ جائے تو کیا جائے۔ پرویز الٰہی خود کہہ رہے ہیں کہ اسمبلی توڑنے کے حق میں نہیں ہوں، ایک پاگل آدمی اور احمق انسان تحریک انصاف اور پنجاب کو حادثے سے دوچار کررہا ہے اور نظام کو بھی کررہا ہے، اس پاگل انسان کا ادراک کیا جانا چاہیے، قوم اور اداروں میں اتفاق رائے ہے کہ اس پاگل آدمی کو روکا جائے ورنہ یہ ملک کو کسی حادثے سے دوچار کر دے گا۔ انہوں نے کہا کہ پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ لینا چاہیے اگر پرویز الٰہی کہتے ہیں کہ اسمبلی نہیں ٹوٹنی چاہئیں تو پھر کیوں اسمبلی توڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام اتحادی جماعتیں مکمل رابطے میں ہیں، اجلاس میں بھی رابطے ہوئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کو اعتماد کا ووٹ لینا چاہیے اور اپنے لوگوں کو یقین دہانی کرائی کہ وہ اسمبلی کو تحلیل نہیں کریں گے۔ اگر وزیراعلیٰ اعتماد کا ووٹ حاصل نہیں کر سکتے تو پھر گورنر نئے وزیراعلیٰ کے انتخاب کیلئے نوٹیفائی کریں گے اور اس میں مسلم لیگ (ن) سمیت سب جماعتیں حصہ لے سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپیکر کا موقف غلط اور رولز اور آئین کے خلاف ہے، گورنر اجلاس بلا سکتا ہے، اگر آج اجلاس نہ ہوا اور وزیراعلیٰ نے اعتماد کا ووٹ نہ لیا تو وزیراعلیٰ کا آفس سیل ہوسکتا ہے۔

بقیہ 4

انہوں نے کہا کہ ملک مزید سیاسی عدم استحکام اور فاشزم کی طرف جا رہا ہے۔ اتحادی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ پہلے کہتے تھے اسمبلیاں توڑیں تو الیکشن کروادیں گے، اب کھیلیں گے نہ کھیلنے دیں گے کی پالیسی پر آ گئے ہیں۔ سابق وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ سیاسی انا اور ضد کی وجہ سے ملک خسارے میں جا رہا ہے، حکومت کا اعتماد یا عدم اعتماد اس کے گلے پڑے گا اور رسوائی ہوگی۔ شیخ رشید نے کہا کہ قوم کی بکنے اور بکنے والے ہر ممبر پر نظر ہے۔

بقیہ 5

ہیں۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ عمران خان کے بلاجواز احتجاج سے ملک کو نقصان پہنچ رہا ہے، موجودہ صورتحال میں قبل از وقت انتخابات ملکی مفاد میں نہیں ہیں۔ بھارت سے متعلق سوال پر مودی کو گجرات کا قصائی کہنے کے بیان کا دفاع کرتے ہوئے بلاول بھٹو بولے کہ انہوں نے بھارتی وزیراعظم سے متعلق تاریخی حقیقت دہرائی ہے۔ بلاول بھٹو نے بتایا کہ بی جے پی لیڈر نے ان کے سر کی قیمت 2 کروڑ روپے لگائی ہے، یہ اشتعال انگیز حرکت ریاست اترپردیش کے بی جے پی لیڈر منوپال بنسل نے کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سیلاب کے بعد بحالی کے لیے عالمی برادری کے تعاون کی ضرورت ہے، سیلاب سے پاکستان میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔

بقیہ 6

نصیب میں کامیابی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے چار سال میں تباہی کی جسے ہم ٹھیک کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ توشہ خانہ میں مرشد کی آڈیو میں ہر روز نیا انکشاف ہورہا ہے، انہوں نے وزیراعظم کی سرپرستی میں گل کھلائے اور کیا کاروبار کیے ہیں سب کو معلوم ہوچکا ہے، افسوسناک بات ہے کہ ایسے لوگ اعلیٰ ترین عہدوں پر پہنچ گئے جن کے پاس نہ اخلاقی اقدار ہے اور نہ سیاسی تجربہ، صرف اقتدار اور دولت کی ہوس میں یہاں پہنچے تھے۔ وزیردفاع نے کہا کہ عمران خان کی حالت اس وقت انتہائی افسوس ناک ہے، جنہوں نے عمران خان کو سہارا دیا وہ اس محسن کو بھی گالیاں دیتے ہیں۔ خواجہ آصف نے پی ٹی آئی چیئرمین پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ ایمانداری کے ساتھ حکومت سنبھال نہیں سکے تو اس میں جنرل باجوہ کا کیا قصور ہے، جنرل باجوہ نے ہر قدم میں عمران خان کو سہارا دیا، انہیں جب ضرورت ہوتی تھی جنرل باجوہ اسمبلی میں آتے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جنرل باجوہ نے آپ پر احسان کیا اور آپ ان کو گالیاں دے رہے ہیں، اس سے گھٹیا بات ہو نہیں سکتی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما نے کہا کہ یہ مصیبت پاکستان کے گلے سے اتر گئی ہے، اگر عمران خان اقتدار میں مزید رہتے تو ملک بچ نہیں پاتا، ان کے دور اقتدار میں جو ملک کو زخم ملے اس پر پی ڈی ایم آج بھی مرہم رکھنے کی کوشش کررہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ عمران خان آج بھی چاہتے ہیں کہ یہ ملک ترقی نہ کرے، وہ چاہتے ہیں اگر وہ اقتدار میں نہیں ہیں تو ملک بھاڑ میں جائے اور غربت اور تباہی کا شکار ہو جائے تاہم ایسی صورت میں ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عدالتیں اگر مرضی کے مطابق کام کریں تو ان کو پسند ہے، اسٹیبلشمنٹ غیر مشروط ساتھ دے تو دن رات وہ تعریف کرتے ہیں، لیکن اداروں کا آئینی دائرے میں کام کرنا عمران خان کو قبول نہیں ہے، عمران خان کے گرد قانون کا گھیرا تنگ ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن پر تکیہ کیا ہوا تھا ان کی اپنی بھی سیاست ہے، تحفظات ہیں، انہوں نے کبھی ڈوبتے ہوئے لوگوں کا ساتھ نہیں دیا، یہ ان کی تاریخ ہے۔

بقیہ 7

آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ ہارون یوسف عزیز شہباز شریف کے خلاف آمدن سے زائد اثاثوں کے کیس میں شریک ملزم کے طور پر نامزد ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ احتساب عدالت لاہور میں ریفرنس نمبر 22/2020 زیر سماعت ہے۔ احتساب عدالت لاہور میں پیش ہونے کیلئے 2 ہفتوں کی حفاظتی ضمانت منظور کی جائے۔ دریں اثنا اسلام آباد ہائیکورٹ سے 2 مختلف کیسز میں سلیمان شہباز کی حفاظتی ضمانت کے معاملے پر سلیمان شہباز کی جانب سے ضمانتی گلزار احمد نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ضمانتی مچلکے جمع کرا دیئے ہیں۔ ایف آئی اے اور نیب کے کیس میں 25,25 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرائے گئے ہیں۔

بقیہ 8

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے غیر ملکی فنڈنگ کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی کی جانب سے وکیل انور منصور الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ تحریکِ انصاف کے وکیل انور منصور نے کہا کہ فیئر ٹرائل کیا جائے، دفاع میرا حق ہے، نوٹس ملنے کے بعد فیئر ٹرائل ملنا چاہیے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ کیس پہلے اسکروٹنی کمیٹی میں چلا پھر کمیشن میں اس کی سماعت ہوئی۔ انور منصور نے کہا کہ سماعت اسکروٹنی کمیٹی رپورٹ پر ہوئی تھی، یہ کمیٹی سپریم کورٹ کی ہدایت پر بنی تھی۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ اسکروٹنی کمیٹی سپریم کورٹ کے حکم پر بنی، کمیشن نے نہیں بنائی، آپ تو کہہ رہے ہیں کہ اسکروٹنی کمیٹی علیحدہ ہے اور کمیشن کی سماعت الگ ہے، کیس تو بنا ہوا ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ گواہان کی جرح اہم حصہ ہے جس کے بغیر فیئر فیصلے تک نہیں پہنچا جاسکا، بینک افسران بتائیں اکانٹ کی اسکروٹنی کیسے کی، اب مجھے ان سے جرح کرنی ہے، اسٹیٹ بینک سے کیسے اکاؤنٹ آئے، رائٹ آف ہیئرنگ پہلے نہیں تھی وہ شوکاز کے بعد ہے، آپ شواہد کو کال کر سکتے ہیں، یہ ضروری ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل انور منصور نے کہا کہ مجسٹریٹ کے اختیارات الیکشن کمیشن کے پاس آجاتے ہیں، کمیشن کے پاس کسی کو کال کرنے کا اختیار ہے، گواہان کو سمن کیا جاسکتا ہے۔ انور منصور نے جواب دیا کہ یہ فیصلے پر عمل درآمد نہیں ہے، جو آپ نے دیا وہ آرڈر ہے، فیصلہ نہیں ہے، بلکہ یہ آرڈر بھی نہیں رپورٹ ہے۔ ممبر کمیشن نے کہا کہ رول کہتا ہے کہ سماعت کے بعد فنڈ ضبط کیا جائے گا، یہی تو ہورہا ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل انور منصور نے جواب دیا کہ میرا کہنا ہے کہ نوٹس ہی غیر قانونی ہے۔ اس سے قبل کارروائی کے دوران پی ٹی آئی کے وکیلا انور منصور نے اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ نوٹس الیکشن کمیشن نے نہیں سیکریٹری نے 5 اگست کو پولیٹیکل پارٹی ایکٹ کے رول 6 کے تحت جاری کیا، نوٹس میں نہیں لکھا کہ یہ الیکشن کمیشن کی ہدایت پر جاری کیا گیا، نوٹس الیکشن کمیشن کو جاری کرنا چاہیے، سیکریٹری کے پاس اس کے اجرا کی اتھارٹی نہیں۔ انور منصور نے کہا کہ الیکشن کمیشن کسی بھی صورت حال میں کسی کو بھی اپنی اتھارٹی نہیں دے سکتا، الیکشن کمیشن کے اختیارات کسی ماتحت افسر کو نہیں سونپے جا سکتے۔ چیف الیکشن کمشنر نے سوال کیا کہ کیا کابینہ کے فیصلے پر سب وزیر دستخط کرتے ہیں؟ کابینہ کے فیصلے کے بعد کابینہ کے نہیں سیکریٹری کے دستخط ہوتے ہیں، آپ کہنا چاہتے ہیں کمیشن کے تمام ممبران سائن کریں؟ پی ٹی آئی نے وکیل نے کہا کہ میں نے ایک درخواست بھی دی ہے، گواہان اور شاہدین کو بلانا چاہتا ہوں، آپ نے شوکاز نوٹس دیا ہے جو نیا پراسس ہے، مجھے جرح میں رپورٹ بنانے والوں اور بینک افسران کو کراس ایگزامن کرنا ہے۔ دوران سماعت ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ عمل مکمل ہو چکا ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل انور منصور نے کہا کہ یہ ایک الگ پراسس ہے، وہ پہلے الگ پراسس تھا، آپ نے اسکروٹنی میں شوکاز نہیں دیا تھا، ہم نے صرف اکاؤنٹ کی اسکروٹنی کی، پروسیڈنگ کا شوکاز نوٹس پہلا مرحلہ ہے، ابھی تک صرف معلومات ہے، بس ایک آرڈر ہے۔ وکیل انور منصور نے کہا کہ شوکاز کے بعد لازمی ہوگیا کہ میں جرح کروں، گواہان بھی لاؤں، ان افراد سے بات بھی کروں کہ اسکروٹنی رپورٹ میں کیا ہوا۔

بقیہ 9

ہے، ریسٹورنٹس کے لیے گنجائش ہے کہ شاید ان کو ایک گھنٹہ مزید بڑھایا جائے، اقدامات سے 62 ارب روپے کی بچت ہوگی، ای بائیکس متعارف کروائے جارہے ہیں، محدود مدت کے اندر یہ موٹر سائیکلیں مارکیٹ میں آجائیں گی، جمعرات تک کفایت شعاری پالیسی کو حتمی شکل دے دی جائے گی، وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کے عوام کی ترجمانی کی، وزیراعظم نے بیان کی توثیق کی ہے، قوم بیانیہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ منگل کو وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب اور مشیر وزیراعظم قمر زمان کائرہ کے ہمراہ کابینہ اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیردفاع خواجہ آصف نے کہا کہ شادہ ہالوں کی اوقات رات 10 بجے تک محدود کی جائے گی اور ریسٹورنٹ اور مارکیٹیں رات 8 بجے تک بند ہو جائیں گی مگر ریسٹورنٹس کے لیے گنجائش ہے کہ شاید ان کو ایک گھنٹہ مزید بڑھایا جائے لیکن ان اقدامات سے 62 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پالیسی کے نفاذ کے لیے چاروں صوبوں سے رابطہ کریں گے کیونکہ یہ ایک قومی پروگرام ہے جس کو صوبوں کی مشاورت سے شروع کرنا لازمی ہے۔ وزیردفاع نے کہا کہ پوری دنیا میں مارکیٹیں 6 بجے کے بعد بند ہوجاتی ہیں مگر پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں مارکیٹیں رات کو 12 بجے تک کھلی ہوتی ہیں جبکہ صبح کو 12 سے 2 بجے تک مارکیٹیں کھولی جاتی ہیں جس کی وجہ سے سورج کی روشنی سے مستفید نہیں ہوتے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پہلے مارکیٹیں شام کو بند ہوجاتی تھیں مگر اب نیا رواج چل پڑا ہے اس لیے ہمیں اپنی عادات کو تبدیل کرنا ہوگا اور ہمیں اگر اپنے وسائل میں رہنا ہے تو اپنے ذرائع کے مطابق رہنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 7 ماہ سے اس پالیسی پر کام چل رہا تھا مگر اب صوبوں سے مشاورت کریں گے اور انہیں اس بات پر راضی کریں گے کہ قومی ایمرجنسی کے لیے اس پالیسی کو اپنانا ہوگا۔ وزیردفاع نے کہا کہ تین چار دنوں سے وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں کابینا کا اجلاس ہوا ہے جس میں قوم کو محدود وسائل میں رہنے کیلئے کفایت شعاری کی پالیسی دینے پر تبادلہ خیال ہوا ہے جس پر 22 دسمبر کو عمل شروع کیا جائے گا اور اس سلسلے میں صوبوں سے بھی رائے لی جائے گی۔ وزیردفاع نے اپنا تخمینہ بتاتے ہوئے کہا کہ اگر سرکاری دفاتر کا 20 فیصد عملہ گھر سے کام کرے تو اس سے سالانہ 56 ارب روپے بچ سکتے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ گھروں اور دفاتر میں پرانے پنکھوں پر 120 سے 130 یونٹ بجلی خرچ ہوتی ہے مگر ان کی جگہ نئے پنکھے آگئے ہیں جو 40 سے 60 یونٹ پر چلتے ہیں تو اس سے بھی 15 ارب روپے سالانہ بچائے جاسکتے ہیں اسی طرح پرانے بلبوں کی جگہ نئے بلب لگانے سے 23 ارب روپے بچائے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گھروں میں چھوٹے چھوٹے اقدامات سے سالانہ 6 ہزار میگاواٹ بجلی محفوظ کی جاسکتی ہے کیونکہ توانائی کا نظام ایندھن پر چلتا ہے اور جب تک قابل تجدید توانائی پر منتقل ہوں ہمیں یہ اقدامات کرنے ہوں گے۔ وزیردفاع نے کہا کہ گیس پر چلنے والے گیزر میں کونئیکل بیفل کے لیے گیس فراہم کرنے والی کمپنیوں سے بات کریں گے تاکہ وہ اسی معیار کے مطابق اس پر عمل کریں جس سے سالانہ 92 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ اسٹریٹ لائٹس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اگر ان میں سے ایک کو چھوڑ کر دوسری لائٹ جلائی جائے تو اس سے سالانہ 4 ارب روپے کی بچت ہوگی، اسی طرح ایندھن پر چلنے والی موٹر سائیکلوں کی جگہ الیکٹرک موٹر سائیکل لانے کے لیے کام شروع کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں کمپنیوں سے مذاکرات بھی ہورہے ہیں اور اس اقدام سے سالانہ 86 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ وزیردفاع نے کہا کہ وزیراعظم نے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے بیان کی توثیق کی ہے، وزیر خارجہ نے پاکستان کے عوام کی ترجمانی کی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم اس بیانیہ کے ساتھ کھڑی ہے، توشہ خانہ طویل کہانی ہے، اس میں مزید چیزیں سامنے آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کفایت شعاری کی پالیسی دی جا رہی ہے، کفایت شعاری کے حوالے سے کمیٹی میں سیکریٹری پاور، وزیر دفاع سمیت دیگر وزراء اس میں شامل ہیں، چار سیکرٹری اور دس وزراء اس کمیٹی میں شامل ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ گھروں میں پنکھے اور ایئر کنڈیشنڈ کے استعمال میں بچت سے 8 سے 9 ہزار میگاواٹ بجلی بچائی جاسکتی ہے، کوسٹی پے منٹس کی مد میں 28 ارب بلین ماہانہ بچت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ گیس فراہم کرنے والی کمپنیاں گیزر کیلئے بچت کے آلات فراہم کریں گی، اس سے 92 ارب روپے سالانہ کی بچت ہوگی۔ وزیردفاع نے کہا کہ متبادل اسٹریٹ لائٹس جلانے سے چار ارب روپے کی بچت ہوگی، ای بائیکس متعارف کروائے جا رہے ہیں، محدود مدت کے اندر یہ موٹر سائیکلیں مارکیٹ میں آجائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ای بائیکس کی امپورٹ شروع ہوچکی ہے، موٹر سائیکل کمپنیوں کے ساتھ اس حوالے سے بات چیت جاری ہے، ای بائیکس آنے سے 86 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ 69 فیصد پانی زراعت میں استعمال ہوتا ہے، فلڈ اریگیشن کو زرعی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

بقیہ 10

کھاریاں سرکل میاں محمد ریاض، ایس ایچ او تھانہ صدر کھاریاں SI ارشد ڈفرانہ اور دیگر پولیس ملازمان شامل ہیں۔ جنہوں نے ضلع بھر میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں متحرک گینگ کی گرفتاری کا تحرک شروع کر دیا۔ پولیس ٹیم نے دن رات محنت اور جدید سائنسی ٹیکنالوجی کی مدد سے گجرات اور گردونواح میں وارداتیں کرنے والے گینگ کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں 1۔ قاسم محبوب ولد محمد بشیر سکنہ نیا آڑہ کھاریاں 2۔ محمد حبیب ولد محمد الطاف سکنہ شیخا طاہر شامل ہیں۔ جنہوں نے ضلع گجرات میں موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان نے دوران تفتیش انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ماسٹر چابیاں بنا رکھی تھیں اور شہر کی گلی محلوں میں کھڑی موٹر سائیکل کے لاک ماسٹر چابی کی مدد سے کھول کر چوری کر لیتے تھے۔ ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ 10 عدد موٹر سائیکل برآمد کر لیے گئے۔ جبکہ مزید تفتیش جاری ہے مزید انکشافات متوقع ہیں۔

بقیہ 11

رصوبائی حکومتوں کے تعاون سے توانائی بچت گھر تعمیر کیے جائیں۔ بتایا گیا کہ سرکاری اور نجی عمارتوں کا سالانہ توانائی آڈٹ کروایا جائے، غیر معیاری ٹرانسپورٹ بھی توانائی پر بوجھ ہے۔ بتایا گیا کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر کیلئے نیشنل فیصل اکانومی سٹینڈرڈز بنائے جائیں، الیکٹریکل وہیکل اور چارجنگ اسٹیشن پر کام کرنے کی رفتار تیز کی جائے۔ بتایا گیا کہ وفاقی عمارتوں میں باون سو میگاواٹ شمسی توانائی حاصل کرنے کی صلاحیت ہے، شہروں میں ماس ٹرانزٹ منصوبوں کو لازمی قرار دیا جائے۔ بتایا گیا کہ صنعتوں میں تقریبا دس لاکھ موٹرز کا استعمال کیا جارہا ہے، موٹروے پر آٹھ سو سی سی کے علاوہ سنگل گاڑیوں پر بھاری ٹول ٹیکس کی تجویز دی گئی۔ ذرائع کے مطابق لائن لاسز کم کرنے اور بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا۔ مارکیٹوں کو شام سات بجے تک بند کرنے کی تجویز دی گئی۔

بقیہ 12

گڑھے میں جمع ہونیوالے سیوریج کے پانی میں گر گیا جسے لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت اسے مین سے ہول نکال کر تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا جہاں طبی امداد ملنے کے دوران وقاص دم توڑ گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ضابطہ کی کارروائی شروع کردی۔ اہل علاقہ نے بتایا کہ ڈیڑھ ماہ قبل گیس پائپ لائن کیلئے گڑھا کھودا گیا تھا جس میں ساتھ سے گذرنے والے گندے نالے کا پانی بھر گیا اور اس میں یہ حادثہ رونما ہوا۔ اہل علاقہ نے بچے کی موت کا ذمہ دار محکمہ سوئی گیس کو قرار دیا ہے۔

بقیہ 13

محمد احمد پرینکر چڑھ گیا، جس سے محمد احمد موقعہ پر دم توڑ گیا، متوفی کے ماموں ذیشان ولد محمد فضل نے کارروائی کیلئے پولیس کو درخواست دیدی، جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بحریہ ٹاؤن کے ڈرائیور انتہائی لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کرتے ہیں جس کی قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں، پولیس اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے قانونی کارروائی کا آغاز کرے۔

بقیہ 14

سنبھالنے کے بعد سی پیک منصوبے میں تیزی لائی، سی پیک منصوبہ خطے میں گیم چینجر ثابت ہوگا، پبلک سیکٹرز کے تعاون سے ملک میں منصوبے لگانے پر توجہ دے رہے ہیں، 4 برس کے دوران گوادر پورٹ میں کوئی بھی کام نہیں کیا گیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان ملک کی جیو اکنامکس سے فائدہ اٹھا کر اقتصادی سرگرمیوں کا مرکز بن سکتا ہے، فی کس آمدنی بڑھانے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، ہمیں اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی کہ ہم معاشی سیڑھی پر کیسے بڑھ سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہی وژن تھا جس نے چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کی طرف ہمارا سفر شروع کیا، سابق وزیراعظم نواز شریف کی قیادت میں ہم نے سی پیک کا آغاز کیا اور ہم مختلف ترقیاتی منصوبوں میں 29 ارب ڈالر کی چینی سرمایہ کاری کو بروئے کار لانے میں کامیاب ہوئے۔

بقیہ 15

کی گئی، مسافر کو طیارے سے باہر لا کر ڈاکٹرز نے چیک کیا تو وہ پہلے ہی انتقال کر چکا تھا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق مسافر اپنے کزن عمران سومرو کے ہمراہ اسلام آباد سے کراچی آرہا تھا، وفاقی وزارت صحت کے ڈاکٹرز نے مسافر حنین فاروق کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ بھی جاری کردیا، متوفی مسافر بلدیہ ٹاؤن مدینہ کالونی کا رہائشی تھا۔ نجی ایئرلائن کی پرواز ای آر 505 رات 12 بجے اسلام آباد سے کراچی پہنچی تھی۔

بقیہ 16

رائڈ کھلنے سے الٹ گئی۔ حادثہ میں 20 سالہ نوجوان بلال ولد خادم جاں بحق ہوگیا۔ حادثہ میں 8 افراد عمر حیات ساکن کھوہ کھچیاں، کشور حیات ساکنہ جڑانوالہ، سعد اللہ ساکن 17 چک نکانہ، جاوید سکنہ سید والا، عابد سکنہ سید والا، شعیب، رابعہ، افراہیم ساکنین جڑانوالہ زخمی ہوئے۔ دوسرا حادثہ ڈجکوٹ میں بابا خوشی دربار کے قریب پیش آیا جس میں تیز رفتار مزدا ڈالے نے سڑک پر کھڑے ٹریکٹر ٹرالی سے بچنے کی کوشش میں رکشہ کو ٹکر ماردی، حادثہ میں 3 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں علیم ولد محبوب عالم، کاشف علی اور رحمان شامل ہیں۔

بقیہ 17

ہونے کی تصدیق کریں گے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی ارکان اسمبلی 22 دسمبر کو کے پی ہاؤس اسلام آباد میں جمع ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق یہ ارکان ممکنہ طور پر شاہ محمود قریشی کی سربراہی میں پارلیمنٹ آئیں گے۔ شاہ محمود قریشی ان ارکان کو لے کر اسپیکر کے سامنے پیش ہوں گے۔ واضح رہے کہ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کہہ چکے ہیں کہ پی ٹی آئی ارکان کے استعفے اکٹھے منظور نہیں ہو سکتے۔

بقیہ 18

باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پرویز الٰہی خود کہہ رہے ہیں کہ وہ پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں تو جب ایک بندہ خود بات کہہ رہا ہے تو اس پر کیا کہہ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان جو تنقید کررہے ہیں اسکی ایک ایک بات کا جائزہ کیس اور میرٹ دیکھیں، عمران خان اداروں پر اس لئے تنقید کررہے ہیں کیونکہ جب ان کے اتحادی ان سے الگ ہوئے تو فوج نے ان کے اتحادیوں کو ان کی حکومت کو قائم رکھنے کے لئے ساتھ نہیں رکھا اس کے علاوہ کوئی اور بات نہیں۔ اسی فوج کی عمران خان نے بیسیوں مرتبہ تعریف کی اور جنرل باجوہ کی بطور چیف آف آرمی اسٹاف مداح سرائی کی۔ اسی انسٹی ٹیوشن پر جب ہم نے سیاسی پیرائے میں تنقید کی تو انہوں نے ملک دشمنی کے سرٹیفکیٹ بانٹے۔ ہم ایک سیاسی بات کررہے تھے اس کا کسی کی ذات سے تعلق نہیں تھا۔ وزیراعلیٰ پنجاب بنائے جانے سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میری ہر شعوری کوشش ایک شخص کے لئے ہوتی ہے اور وہ حمزہ شہباز ہے۔

بقیہ 19

تھے، اس دوران پارکنگ کی سیکورٹی کیلئے تعینات گارڈ نے مزاحمت کی تو ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی جس سے سیکورٹی گارڈ عبدالواحد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ ملزمان لوٹ مار کرکے موقع سے فرار ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی جس نے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا۔

بقیہ 20

آف انڈیا، فرانس 24، ٹن ہاؤ، رائٹرز، اے پی، انڈیپنڈنٹ اردو کے نمائندگان شامل تھے۔ اس موقع پر پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال اور مستقبل کے لائحہ عمل پر صحافیوں سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ ملک کی معاشی صورتحال پر تشویش، جلد امپورٹڈ حکومت سے جان چھڑانے کا فیصلہ کیا ہے، ملک کے تمام اداروں سے بہترین تعلقات، غیر آئینی اقدامات ناقابل قبول ہیں۔ عوام پر بڑھتی مہنگائی کے بوجھ نے غربت کی شرح میں کئی گناہ اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی دنیا سے بہترین تعلقات کے خواہاں، ملکی سالمیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ملک کے احتساب قوانین میں تبدیلی سے سیاسی مجرمان مستفید ہورہے ہیں۔ غریب دوست اقدامات کیلئے عوام صرف اور صرف عمران خان کی قیادت میں حکومت چاہتے ہیں۔

بقیہ 21

نے کہا کہ ایک طرف چیرمین بلاول بھٹو زرداری نریندر مودی کو دنیا کے سامنے بے نقاب کررہے ہیں، دوسری طرف عمران خان ابھی بھی مودی کی تعریفیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ابھی بھی کہہ رہا ہے کہ مودی ہی مسئلہ کشمیر حل کرسکتا ہے، عمران خان شاید 5 اگست 2019 کا سیاہ ترین دن بھول گئے ہیں؟ عمران خان نے مودی کی انتخابات میں کامیابی کی دعا کی۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ عمران خان کی حکومت کے دوران ہی مودی نے آرٹیکل 370 اور 35 کو ختم کرکے کشمیر کی خصوصی حیثیت پر حملہ کیا، عمران حکومت کے سامنے اس عالمی تنازعہ کی نوعیت تبدیل کرنی کی کوشش کی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انہوں نے ایک منٹ کی خاموشی کے علاوہ کچھ نہیں کیا، اب وزیرخارجہ نریندر مودی کو عالمی دنیا کے سامنے گجرات کا قصائی کہا ہے تو عمران خان پھر مودی کے دفاع میں اتر آئے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیڈر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے سر کی قیمت لگا رہے لیکن وزیر خارجہ عمران خان کی طرح خاموشی اختیار نہیں کرینگے۔

بقیہ 22

-Cantt E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9293048، اٹک سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Attock E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-4950343، چکوال سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Chakwal E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0543-668500، جہلم سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Jhelum E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0544-9270377 پر دیے گئے اوقات کے دوران رابطہ کر سکتے ہیں۔ معزز صارفین سے درخواست ہے کہ رابطے کے دوران اپنا مکمل نام، رابطہ نمبر اور بجلی بل کا حوالہ نمبر ضرور بتائیں تا کے درج شدہ شکایت بروقت متعلقہ دفاتر کو بھجوائی جاسکے۔

بقیہ 23

میں اضافہ کردیا اور بقایاجات بھی ادا کردیے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ قبل ازیں معذور ملازمین کو کنوینس الاؤنس کی مد میں 2 ہزار روپے ماہانہ دیا جاتا تھا جو اب 6 ہزار روپے کردیا گیا ہے۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم ودیگر انتظامی ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ معذور ملازمین بھی ہمارے سسٹم کا برابر حصہ ہیں اور دیگر سٹاف کی طرح ان کے حقوق کا تحفظ حکومت اور ہسپتال انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور حکومت وقت نے پورے صوبے کے تمام معذور سرکاری ملازمین کے کنوینس الاؤنس میں کئی گنا اضافہ کر کے نہ صرف مذکورہ ملازمین کے حقوق کا تحفظ کیا ہے بلکہ ان کے دل جیت لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں ملازمین کے کنوینس الاؤنس میں معقول اضافہ ایک بہت بڑا ریلیف ہے۔ جس کیلئے صوبائی حکومت اور محکمہ صحت کے حکام ستائش کے مستحق ہیں۔

بقیہ 24

جاری نہیں کیا گیا، وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بارے میں وفاقی وزرا پریس کانفرنس کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزرا نے کابینہ اجلاس کے حوالے سے تفصیلات بیان کر دی ہیں، کابینہ کے اعلامیہ کے حوالے سے میڈیا میں چلنے والی خبریں درست نہیں۔

بقیہ 25

بازار ناجائز تجاوزات کی بدترین تصویر پیش کر رہے ہیں۔ گرجارو ڈ جامع مسجد حاجی غلام حیدر کے اطراف اور نالوں کے اوپر ریڑھی بانوں نے قبضہ جما رکھا ہے جو نہ صرف مسجد آنے والے نمازیوں کے لیے مشکلات کا سبب ہیں بلکہ ٹریفک کی روانی کو بھی بری طرح متاثر کر رہے ہیں جو کبھی بھی کسی بڑے حادثہ کا سبب بن سکتے ہیں۔ ان اخلاق باختہ مافیا کے خلاف جب تک سخت قانونی کارروائی نہیں ہوگی اس وقت تک حالات بہتر نہیں ہوں گے۔ احکام بالا ان ناجائز تجاوزات کی بھرمار کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فوری آغاز کر کے عوام کی مشکلات کو کم کرنے میں اپنا قانونی اور اخلاقی کردار ادا کریں تا کہ عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔

بقیہ 26

یہ حالت نہ ہوتی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم سیاسی یتیموں کا ٹولہ ہے، جب تحریک انصاف کی وفاقی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لائی گئی تب بھی خرید وفروخت کی منڈی لگائی گئی، ہمارے لوگوں کو توڑنے کیلئے ان کے پاؤں تک کو ہاتھ لگایا گیا۔ پنجاب اسمبلی کے ایوان میں تحریک انصاف اور اتحادی (ق) لیگ کو اکثریت حاصل ہے پھر کس بنیاد پر تحریک عدم اعتماد جمع کرائی گئی ہے۔ کرپشن میں لتھڑے ہوئے آصف علی زرداری کا کام ہی سیاست میں آلودگی پھیلانا ہے لیکن ان شاء اللہ تحریک انصاف بہت جلد اس آلودگی اور کرپشن کے خلاف مکمل صفائی کی مہم کرے گی۔ دو تہائی اکثریت سے حکومت میں آکر احتساب کے شفاف نظام کیلئے نئی قانون سازی کریں گے اور پھر کسی کو لوٹ مار کے بعد مکا کرنے کا موقع نہیں ملے گا۔

بقیہ 27

کے مطابق ای ایس جی ایل گوادر میں 5 ملین ٹن صلاحیت کی آئل ریفائنری لگائے گا۔ بعد میں ای ایس جی ایل اسے گوادر میں 8 ملین ٹن سالانہ آئل پروسیسنگ کی صلاحیت کے ساتھ اپ گریڈ کرے گا۔ چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈ کمپنی اور ایس جی ایل نے پہلے ہی گوادر فری زون فیز II میں چیزوں کو انجام دینے کے لیے باہمی مفاہمت تیار کر لی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ایسٹ سی گروپ لمیٹڈ (ESGL) ایک متنوع ملٹی نیشنل کمپنی ہے، جو بنیادی طور پر توانائی کی تجارت، انرجی سٹوریج لاجسٹکس اور آئل ریفائننگ میں مصروف ہے، اور اس نے جنوبی امریکہ، مشرق وسطی اور انڈونیشیا جیسے کئی ممالک میں سرمایہ کاری کی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چینی انٹری ایک ایسے وقت میں ہوئی جب گوادر میں آئل ریفائنری کے قیام کی پیشکش پر بین الاقوامی کھلاڑیوں کے پاؤں گھسنے اور غیر فیصلہ کن ہونے کے بعد گوادر میں آئل ریفائنری کی قسمت کے بارے میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہورہی تھی اور چین کے اس اقدام کے بعد بہت سی بین الاقوامی فرموں نے گوادر میں آئل ریفائنری بنانے کے لیے نئے سرے سے دلچسپی کا عندیہ دیا ہے۔ جی پی اے کے ذرائع نے گوادر پرو کو بتایا کہ آئل ریفائنری منصوبہ دو مرحلوں میں تعمیر کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں ریفائننگ کی سالانہ صلاحیت 5 ملین ٹن ہوگی۔ ایسٹ سی گروپ پاکستان کی گوادر بندرگاہ پر ہر ماہ کم از کم چھ خام تیل کی ترسیل کے جہاز رکھے گا، جو اپنے تیل کے ذرائع کے کاروبار کو شروع کرے گا اور اس کی مدد کرے گا، اور مشرق وسطی کے بڑے تیل پیدا کرنے والے ممالک سے تیل کی ترسیل کی سروسز بھی فراہم کرے گا۔ وزارت توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) کے ذرائع کے مطابق ریفائنری پاکستان کو ذخیرہ کرنے کی خاطر خواہ گنجائش فراہم کرے گی، جس سے یہ ذخائر کو زیادہ وقت تک برقرار رکھنے اور زرمبادلہ کی بچت کے قابل بنائے گی۔ ملٹی بلین ڈالر کے اس منصوبے پر عمل درآمد سے گوادر میں پیٹرو کیمیکل انڈسٹری میں مزید سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ گوادر پرو کے مطابق حکومت پاکستان کی جانب سے اس میگا پراجیکٹ کو گرین لائٹ کرنے کے لیے، متعلقہ ادارے تفصیلی بزنس پلان اور مزید کارروائی کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی کی جانچ پڑتال کے لیے کمر بستہ ہیں۔ اس مقصد کے لیے بین الاقوامی کنسلٹنٹ کی خدمات پہلے ہی حاصل کر لی گئی ہیں، اور دونوں دستاویزات تیاری کے مراحل میں ہیں۔ منصوبہ بندی اور تعمیرات کے لیے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) اوگرا آرڈیننس 2022 کے تحت لائسنسنگ کی ضروریات پوری کرے گی، ایسا لگتا ہے کہ آئل ریفائنری کے آغاز کے اقدام سے دیگر غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے جو ماضی قریب میں آئل ریفائنری کے شعبے میں کئی وجوہات کی وجہ سے رک گئی تھی۔ گوادر پرو کے مطابق جنوری 2019 میں، سعودی عرب کے وزیر توانائی خالد الفالح نے اعلان کیا کہ عرب قوم پاکستان کی گہرے پانی کی بندرگاہ گوادر میں 10 بلین ڈالر کی آئل ریفائنری قائم کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ تاہم یہ منصوبہ واپس لے لیا گیا۔ بعد میں مبہم انداز میں اشارہ دیا گیا کہ گوادر کے بجائے پاکستان میں کہیں اور آئل ریفائنری قائم کی جا سکتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق نیلے رنگ کے بولٹ کے طور پر چند روز قبل سعودی عرب نے نئے تعینات ہونے والے سیکرٹری پیٹرولیم کیپٹن (ر) محمد محمود کی تازہ سرگرمی کے درمیان گوادر میں آئل ریفائنری کے منصوبے کے ساتھ آنے کے لیے تجدید مصروفیت کا اشارہ دیتے ہوئے ایک بار پھر حرکت میں آیا ہے۔ 27 اکتوبر کو وفاقی وزیر خزانہ اور ریونیو سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان بن عبدالعزیز کے ساتھ سعودی پاکستان سپریم کوآرڈینیشن کونسل کی پہلی مشترکہ اقتصادی ذیلی کمیٹی کے بارے میں ایک ورچوئل میٹنگ بھی کی۔ گوادر پرو کے مطابق دریں اثناء متحدہ عرب امارات نے بھی بلوچستان کے قصبہ حب میں پاک عرب ریفائنری لمیٹڈ (پارکو) قائم ہے وہاں پر اس کے قریب جدید ترین ریفائنری قائم کرنے کیلئے پر آمادگی ظاہر کی ہے، جس کی پیداوار یومیہ 500,000 بیرل ہوگی۔ گوادر پرو کے مطابق اس وقت پاکستان میں آئل ریفائننگ کے شعبے میں پانچ مقامی کمپنیاں کام کر رہی ہیں

بقیہ 28

دیگر وجوہات پر معاہدے کی شرائط پر نظرثانی کرے، عالمی سطح پر مہنگائی اور معاشی بحران کے باعث مزید سخت فیصلے نہیں کرسکتے۔ پاکستان نے موقف اختیار کیا کہ پاکستان نئے ٹیکس لگائے بغیر آمدن بڑھا سکتا ہے اور سال کے آخر تک کرنٹ اکانٹ خسارہ کم کرلیگا۔ ذرائع کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے بھی ٹیکس چوروں سے ریکوریز بہتر بنانے کا پلان پیش کیا ہے جس کے تحت پاکستان ٹیکس وصولی بہتر کرکے مقرر کردہ 7100 ارب روپے کا ہدف پورا کرے گا۔

بقیہ 29

پیچھے نہیں ہوگا، درحقیقت 2023 کے دوران عالمی درجہ حرارت صنعتی عہد سے قبل کے مقابلے میں 1.2 سینٹی گریڈ زیادہ ہوسکتا ہے۔ یہ انتباہ برطانوی سائنسدانوں کی جانب سے سامنے آیا۔ 19ویں صدی کے وسط سے موسمیاتی ریکارڈ مرتب کیا جارہا ہے جس کے مطابق 2016 تاریخ کا گرم ترین سال ہے، جس کی وجہ گلوبل وارمنگ اور بحرالکاہل میں ایل نینو کی لہر تھی۔ اگر 2023 کے بارے میں برطانوی سائنسدانوں کی پیشگوئی درست ثابت ہوتی ہے تو یہ مسلسل 10 واں سال ہوگا جب درجہ حرارت صنعتی عہد سے پہلے کے مقابلے میں کم ازکم ایک سینٹی گریڈ زیادہ رہے گا۔ برطانوی محکمہ موسمیات کے پروفیسر ایڈم سکائی کے مطابق ہوسکتا ہے کہ 2023 درجہ حرارت کے حوالے سے ریکارڈ توڑنے والا سال ثابت نہ ہو مگر عالمی سطح پر زہریلی گیسوں کے اخراج میں اضافے کے نتیجے میں وہ بہت گرم ضرور ثابت ہوسکتا ہے۔ عالمی درجہ حرارت کی پیشگوئی کرنے والی ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر Nick Dunstone نے کہا کہ گزشتہ 3 برسوں کے دوران لانینا کے اثرات سے عالمی درجہ حرارت پر اثرات مرتب ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ لانینا نے عارضی طور پر بالواسطہ عالمی درجہ حرارت کو کم کیا، مگر 2023 کے لیے ہمارے موسمیاتی ماڈل سے لانینا کے اثر کے خاتمے کا عندیہ ملتا ہے، جس کے باعث اگلا سال 2022 کے مقابلے میں زیادہ گرم ثابت ہوسکتا ہے۔ برطانوی محکمہ موسمیات کے مطابق 2023 کے دوران عالمی درجہ حرارت صنعتی عہد سے قبل کے مقابلے میں 1.08 سے 1.32 سینٹی گریڈ زیادہ ہوسکتا ہے۔

بقیہ 30

پر سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل بیرسٹر علی ظفر کے معاون نے عدالت سے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی۔ معاون وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ بیرسٹر علی ظفر مصروفیات کی وجہ سے پیش نہیں ہوسکتے، لہٰذا سماعت ملتوی کی جائے۔ عدالت نے معاون وکیل کی استدعا منظور کرتے ہوئے سماعت اگلے ماہ تک ملتوی کردی۔

بقیہ 32

رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ 2013 کے عام انتخابات کے لیے انتخابی فہرستوں میں یہ تعداد 27 لاکھ 70 ہزار جبکہ 2018ء میں غیر مسلم ووٹرز کی تعداد 36 لاکھ 30 ہزار تھی۔

بقیہ 33

سازشوں پر علما اور عوام کی پوری نظر ہے اور ایسی ہر ساز کا علما اور عوام ملکر مقابلہ کرینگے۔ عقیدہ ختم نبوت ہر مسلمان کی ایمان اساس ہے قوم عقیدہ ختم نبوت کیخلاف ہر سازش کا مقابلہ کرنے کیلئے متحد اور متفق ہے، عوام قرآن اور دین سے اپنا اور اپنی نسلوں کا تعلق مضبوط کریں ورنہ بے حیائی فحاشی وعریانی کا سمندر بہا کرلے جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کامل اور اکمل دین اس پر عمل کرنے سے ملکی، کاروباری، گھریلو مشکلات حل ہوں گی معاشرے کو بے ہودگی، فحاشی، عریانی کی طرف ایک سوچے سمجھے سازش کے تحت لگانے کی کوششیں کی جارہی ہے لیکن ان سازشوں کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ دینی مدارس اور مساجد اور علما ہیں۔ علما اور عوام کسی بیرونی ایجنڈے کو ملک کا میاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ 34

اورفن سے وابستہ افراد کی کثیر تعداد نے شرکت اس موقع پر پاکستان کے معروف قوال استاد نعیم ستنو نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اپنے مخصوص انداز میں قوالی پیش کی جسے سن کر حاضرین نہ صرف دادادی بلکہ قوالی پر خواتین اور لڑکے سٹیج کے سامنے جھومتے رہے۔ تقریب کے اختتام پر شاکر علی میوزیم کی پروگرام انچارج فاطمہ سلمان نے کہا کہ اس خوبصورت پروگرام میں میری معاونت کرنے والی شاکر علی میوزیم کی ٹیم کا میں شکریہ ادا کرتی ہو ل جن کے تعاون سے یہ پروگرام انعقاد پذیر ہوا ہماری ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ آرٹ اور فن سے وابستہ لوگوں کیلئے رنگارنگ پروگرام تربیت دیتے رہیں تاکہ ہم ایک دوسرے سے ملاقات کرتے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ استاد نعیم ستنو نے اپنے منفرد انداز میں جس طرح قوالی پیش کی ہے یقیناً اس سے سب لوگ لطف اندوز ہوئے ہم ان شاء اللہ دوبارہ بھی اپنے پروگرام میں مدعو کریں گے ایسے لوگ ہمارے ملک کا سرمایہ ہے۔

بقیہ 35

خانیوال سٹیشن کے درمیان درجنوں ایسے ریلوے پھاٹک کا انکشاف ہوا ہے جہاں گیٹ مین نہ ہونے کی وجہ سے ٹرینوں کی آمدورفت کے اوقات میں پھاٹک کھلا رہنے سے حادثات رونما ہو رہے ہیں، گزشتہ روز رائے ونڈ کے قریب بلوکی لنڈا پھاٹک پر دو سگے بھائی پھاٹک عبور کرتے ہوئے پاک بزنس ایکسپریس تلے آکر جان کی بازی ہار گئے، قبل ازیں اسی پھاٹک کے قریب واقع ایک اور کھلا جا بگا پھاٹک پر متعدد افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں، اس ضمن میں مزید معلوم ہوا ہے کہ ریلوے کی جانب سے لگائے گئے پھاٹک پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عملہ تعینات کروایا جاتا ہے جو ریلوے کو گیٹ مین کی تنخواہ وغیرہ ادا کرتے ہیں اور ریلوے حکام وہاں عملہ تعینات کرتا ہے، ریل گاڑیوں کی بلا رکاوٹ آمدورفت کو یقینی بنانے کیلئے فلائی اوور یا انڈر پاس کا استعمال کروایا جاتا ہے لیکن جہاں ریلوے کراسنگ (پھاٹک) ہوگی وہاں تعینات عملہ کی تنخواہیں، واجبات کی ادائیگی ضلعی انتظامیہ کے ذمہ ہوگی اس حوالے سے مزید معلوم ہوا ہے کہ رائے ونڈ خانیوال سیکشن کے درمیان درجنوں بغیر گیٹ مین پھاٹک موت بانٹ رہے ہیں، سیاسی مداخلت پر لگائے گئے ریلوے پھاٹک پر گیٹ مین کی تعیناتی التواء کا شکار چلی آرہی ہے۔

بقیہ 36

مطابق سرگودھا شہر اور گردونواح میں دوسرے روز بھی سموگ کے ساتھ شدید دھند نے ڈیرے جمائے رکھے۔ اس دھند کے باعث سردی کی شدت میں مزید اضافہ اور لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا حدنگاہ صفر ہوکر رہ گیا۔ اس لئے شہریوں سفر میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کیونکہ اس موسم میں سانس اور آنکھوں کی بیماریاں پھیلنے لگیں ہیں جبکہ پولیس کی جانب سے شہریوں کو بغیر ضرورت گھر سے نکلنے سے اجتناب کرنے اور گاڑیوں کے ڈرائیورز کو فوگ لائٹس کے استعمال کے ساتھ سفر کرنے کی ہدایات جاری کردیں۔

بقیہ 37

ھوسکا اور دم توڑ گیا۔ جس کی نعش گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا۔

بقیہ 38

بورڈ ممبران انجینئر رضوان اشرف، مزمل سلطان، رومانہ تبسم، ڈاکٹر شفاقت علی اور کمپنی سیکرٹری احسن ندیم کے علاوہ نمائندہ لوکل گورنمنٹ، نمائندہ فنانس ڈیپارٹمنٹ بھی موجود تھے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں سابقہ 59 ویں اجلاس کے منٹس آف میٹنگز کی توثیق کی گئی۔ دیگر ایجنڈا آئٹمز میں ہیومن ریسورس کمیٹی کے 16 ویں اور 17 ویں اجلاس کے فیصلوں کی بھی توثیق کی گئی ہے جس کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تمام کنٹریکٹ ملازمین کی مدت ملازمت میں مزید 2 سال کی توسیع کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ملازمین کیلئے سالانہ انکریمنٹ کی بھی منظوری دے دی گئی۔

بقیہ 39

کریں گے۔ ابوالاثر حفیظ جالندھری 14 جنوری 1900 کو بھارت کے علاقہ جالندھر میں پیدا ہوئے آزادی کے بعد۔ حفیظ جالندھری معروف شاعر اور نثر نگار تھے ان کی شاعری مذہبی، حب الوطنی اور لوک گیتوں پر مشتمل تھی۔ انہوں نے پاکستان کا قومی ترانہ تخلیق کر کے شہرت حاصل کی۔ حفیظ جالندھری کو تمغہ حسن کارکردگی اور ہلال امتیاز سے نوازا جاچکا ہے۔ حفیظ جالندھری 21 دسمبر 1982ء کو 82 برس کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 40

نعش ورثاء کے حوالے کردی۔

بقیہ 41

پولیس ملازمان شامل ہیں۔ جنہوں نے ضلع بھر میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں متحرک گینگ کی گرفتاری کا تحرک شروع کر دیا۔ پولیس ٹیم نے دن رات محنت اور جدید سائنسی ٹیکنالوجی کی مدد سے گجرات اور گردونواح میں وارداتیں کرنے والے گینگ کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں 1۔ قاسم محبوب ولد محمد بشیر سکنہ نیا آڑہ کھاریاں 2۔ محمد حبیب ولد محمد الطاف سکنہ شیخا طاہر شامل ہیں۔ جنہوں نے ضلع گجرات میں موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان نے دوران تفتیش انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ماسٹر چابیاں بنا رکھی تھیں اور شہر کی گلی محلوں میں کھڑی موٹر سائیکل کے لاک ماسٹر چابی کی مدد سے کھول کر چوری کر لیتے تھے۔ ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ 10 عدد موٹر سائیکل برآمد کر لیے گئے۔ جبکہ مزید تفتیش جاری ہے مزید انکشافات متوقع ہیں۔

بقیہ 42

7 چک نکانہ، جاوید سکنہ سید والا، عابد سکنہ سید والا، شعیب، رابعہ، افراہیم ساکنین جڑانوالہ زخمی ہوئے۔ دوسرا حادثہ ڈجکوٹ میں بابا خوشی دربار کے قریب پیش آیا جس میں تیز رفتار مزدا ڈالے نے سڑک پر کھڑے ٹریکٹر ٹرالی سے بچنے کی کوشش میں رکشہ کو ٹکر ماردی، حادثہ میں 3 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں علیم ولد محبوب عالم، کاشف علی اور رحمان شامل ہیں۔

بقیہ 43

کہا کہ نواز شریف کو کس نے بیرون ملک سے واپس آنے سے روکا ہے؟ ہم تو کہتے ہیں وہ واپس آئیں اور عام انتخابات میں اپنی جماعت کی عبرتناک شکست دیکھیں۔ عوام کرپشن کرنے والوں کو ان کی موجودگی میں مسترد کر کے عبرت کا نشان بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی قیادت میں یہ اہلیت ہے کہ وہ ملک کو موجودہ حالات میں بھی سنبھال سکتی ہیں لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ پورے ملک میں فوری صاف اور شفاف انتخابات کرائیں جائیں اور اس کے بعد سہولت کاروں کے ذریعے کوئی رکاوٹیں نہ ڈالی جائیں۔

بقیہ 44

ئمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کی سب کمیٹی کا اجلاس کنوینر شگفتہ جمانی کی زیرصدارت ہوا۔ کمیٹی میں سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد کو روکنے کا معاملہ زیر غور لایا گیا۔ پی ٹی اے حکام نے بتایا کہ توہین آمیز مواد کو روکنے کے دو طریقے ہیں ایک ایسی ویب سائٹس جو ہم خود بند کر سکتے ہیں، کچھ ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز ایسے ہیں جن پر توہین آمیز مواد روکنے کے لئے ان ہی سے رابطہ کرنا پڑتی ہے، کمیٹی میں موجود آئی ٹی ماہرین نے چند سافٹ ویئرز بنا کر سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد روکنے کو ممکن قرار دیدیا۔ مذہبی امور کی سب کمیٹی نے وزارت آئی ٹی اور آئی ٹی ماہرین کو ملکر سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد کو روکنے کے طریقہ کار طے کرنے کی ہدایت کی۔ پی ٹی اے حکام نے آئی ٹی ماہرین کو سوشل میڈیا پر توہین آمیز روکنے کے لئے سہولت فراہم کرنے کی پیشکش کردی ہے۔

بقیہ 45

آر جے ڈی سکیم، سی ڈی اے پمپ، میلوڈی، سعودی ایمبیسی، ستارہ مارکیٹ، برما، آزاد شہید، چراہ، کورال، المصطفیٰ ٹاور FHS-I-8/4 ،G-9/3، پی ایچ اے ٹو، G-14/4، این پی ایف ٹو، ٹی اینڈ ٹی، کمپنی باغ، کوہالہ، پرل کوٹیمل، کوٹلی ستیاں، بلاورہ، شاہدرہ، لیمپل سٹیل، نیو پی ای این، پوٹھوہار سٹیل، کٹاریاں فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، مصریال روڈ، عسکری-XI، ریس کورس، اقبال ٹاؤن، سبحان شہید، ویسٹریج، راجہ آباد، گولڑہ، ڈھوک چوہدریاں، نیو ریس کورس، چیئرنگ کراس فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، شکین، اڈیالہ جیل، شاہ پور، خصالہ فیڈرز، اٹک سرکل، جلالہ، فیڈرز، جہلم سرکل، عباسپورہ، F-13 کرمالہ، لانگر پور، منڈی بھلوال، سرائے عالمگیر، F-8 سول لائن، جاکر، سٹی ہاؤسنگ، دینہ تھری روہتاس، چمالہ، مدوکالس، بسوٹ، چنالہ، نیو سنگھوئی، دینہ-4 سٹی، متوا، غوری ڈھیک، مل اعوان، ڈورابدحال، تنگر تھاٹھی فیڈرز، چکوال سرکل مدینہ ٹاؤن فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، ما فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 46

ہوئی ہے نعش کو متعلقہ پولیس کے اے ایس آئی احمد تھانہ سول لائن کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ 47

سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ علی وزیر کے پروڈکشن آرڈر جاری کرو، علی وزیر کو رہا کرو۔ سینیٹر مشتاق احمد، عبدالاکبر چترالی اور محسن داوڑ نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں احتجاج کرتے ہوئے سپیکر ڈائس کے سامنے دھرنا دیدیا۔ اراکین ہاتھوں میں پوسٹر اٹھا کر علی وزیر کو رہا کرو کے نعرے لگا رہے ہیں۔ اجلاس کے دوران گرفتار ارکان کے پروڈکشن آرڈرز جاری کرنے کا ہمیشہ مطالبہ کرنے والے سپیکر علی وزیر کے پروڈکشن آرڈرز جاری کرنے سے گریزاں دکھائی دیئے، علی وزیر کا ووٹ لینے والی جماعتوں پی پی پی، مسلم لیگ (ن)، جے یو آئی نے علی وزیر کے پروڈکشن آرڈر جاری نہ کرنے پر آنکھیں بند کرلیں تاہم پختونخوا ملی عوامی پارٹی کی سینیٹر عابدہ عظیم نے بھی احتجاج میں شامل ہو کر سپیکر کے ڈائس کے سامنے دھرنا دیا۔

بقیہ 48

ٹاؤن شپ لاہور کی طالبات اور اساتذہ کرام نے ایوان قائداعظم، جوہر ٹاؤن لاہور کا مطالعاتی دورہ کیا اور تحریک پاکستان کی تصویری گیلری بھی دیکھیں۔ دریں اثناء موبائل نظریاتی تعلیمی یونٹ نے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار ویمن، واپڈا ٹاؤن، لاہور، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، سنت نگر، لاہور، رانا پبلک ماڈل ہائی سکول، شیراز ٹاؤن، لاہور اور چوہدری رحمت علی میموریل ٹرسٹ بوائز سکول، لاہور کا وزٹ کیا۔ مذکورہ بالا تعلیمی ادارے میں مستفید ہونے والے اساتذہ اور طلبہ کی مجموعی 457 تھی۔

بقیہ 49

کے مطابق گزشتہ روز لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے اطراف شدید دھند رہی اور رن وے پر حد نگاہ 50 میٹر رہی شدید دھند کی وجہ سے لاہور ایئرپورٹ کو طیاروں کی لینڈنگ اور ٹیک آف کے لیے بند کر دیا گیا۔ دھند کی وجہ سے لاہور آنے والی 5 پروازوں کو لینڈنگ کی اجازت نہ ملی، بیرون ملک سے آنے والی 5 پروازیں فضا میں ہی موجود ہیں جنہیں گوراؤنڈ کی ہدایت کی گئی۔ جن پروازوں کو اترنے سے روکا گیا ہے ان میں مدینہ سے آنے والی پرواز پی کے 748، دوحہ سے آنے والی پرواز کیو آر 628، جدہ سے آنے والی پرواز پی کے 760، راس الخیمہ سے آنے والی پرواز جی 9854 اور دمام سے آنے والی پرواز پی کے 248 شامل ہیں۔ مذکورہ تمام پروازوں کو لینڈنگ کی اجازت نہیں دی گئی اور پروازیں فضا میں ہی چکر لگا رہی ہیں۔ استنبول سے آنے والی پرواز ٹی کے 714 اور جدہ سے آنے والی پرواز پی اے 471 کو بھی اسلام آباد اتارا گیا، ابوظہبی اور کراچی سے آنے والی پروازیں بھی تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ ابوظہبی، دوحا، استنبول، جدہ اور دبئی جانے والی پروازیں بھی کئی گھنٹے تاخیر کا شکار ہیں۔

بقیہ 50

کے طالب علموں کی توجہ حاصل کی۔ طالب علموں نے اردو عروض اور اس کی باریکیوں کے حوالے سے ماہر مضمون ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد سے سوالات کیے جن کے انہوں نے سیر حاصل جواب دیئے۔ جبکہ ڈاکٹر شوذب کاظمی نے اردو شعر اور وزن کے باہمی رشتوں پر بات کرتے ہوئے طالب علموں کو بتایا کہ انسان اپنے اندر موجود آہنگ کے نظام سے بولے گئے حروف کا وزن معلوم کرسکتا ہے۔ انہوں نے تین پانچ سات اور دو چار چھ آٹھ حصوں پر مشتمل بحر کے ارکان کی تقطیع کرنے کے علاوہ اردو نظم میں زحافات کے تجربوں پر تفصیل سے لیکچر دیا۔ نئی نظم کو وزن کے حوالے سے دیکھتے ہوئے انہوں نے مجید امجد کی نظم ''آٹوگراف'' کے مصرعہ ''کھلاڑیوں کے خودنوشت دستخط کے واسطے'' کی تقطیع کرنے کے ساتھ ڈاکٹر عمران ازفر کی نظم ''ابھی سب کچھ ہی تازہ ہے'' میں برتی گئی بحروں کی تقطیع کی۔ ڈاکٹر شوذب کاظمی کے لیکچر کے بعد شریک طالب علموں کو تخلیقی متون برائے مشق واصلاح دیئے گئے جس میں طلباء نے خاص دلچسپی سے حصہ لیا۔ آخر میں صدر شعبہ اردو ڈاکٹر خالد ندیم نے مہمانوں کو اعزازی شیلڈیں پیش کیں۔

بقیہ 51

اور اخراج 27 ہزار 700 کیوسک، گدو آمد 31 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 22 ہزار کیوسک، سکھر آمد 27 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 11 ہزار 800 کیوسک، کوٹری آمد 11 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 700 کیوسک، تریموں آمد 5 ہزار 700 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند آمد 6 ہزار 100 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1490.50 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 2.759 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1119.35 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.770 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 641.20 فٹ، ریزروائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.044 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

بقیہ 52

کے قریب عرصہ دراز سے میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر سے کوڑا کرکٹ اٹھا کر پھینک دیتا تھا جس سے پل کے قریب کوڑے کے بڑے بڑے ڈھیر لگے ہوئے تھے جو نہر میں پانی کی لہروں اور شہر کی خوبصورتی کا حلیہ تباہ کر رہے تھے جیسے ہی ڈپٹی کمشنر ننکانہ یا کسی وزیر کے آنے کی اطلاع ہوتی تو بلدیہ کا عملہ کناتیں لگا کر کوڑے کو ڈھانپ دیتے تھے سماجی کارکن اصغر علی نے اپنی مدد آپ کے تحت کوڑے کرکٹ کو دفن کردیا اور اسی جگہ پر بہترین خوبصورت تفریح گاہ بنا کر شہریوں کے دل جیت لیے پارک میں گھاس اور خوبصورت پودوں سے نہر کا حسن بھی دوبالا ہوگیا اور پارک بھی توجہ کا مرکز بن گیا۔ شہری کے اس اقدام کو سماجی حلقوں نے سراہا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 53

لیس ایچ او خواجہ عمران منان کی موجودگی میں بندیال ملک نامی خاتون ٹیچی کے اغوا کا مقدمہ میں ملزموں کے خلاف کارروائی نہ ہونے سے دل برداشتہ ہو کر دیوار سے لگے شیشے میں سر مارتے ہوئے خودکشی کی کوشش کی۔ جسے موقع پر موجود لیڈی کانسٹیبل نے قابو کرکے حوالات میں بند کر دیا۔ پولیس کے مطابق لڑکی عدالت میں بیان ریکارڈ کروا چکی ہے لیکن ورثا عدالتی احکامات کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔

بقیہ 55

کے کنٹینر سے 15 عدد کارٹن ادویات چور لے گئے' 219 رب میں باسط کی فیکٹری سے نامعلوم چور تالے توڑ کر ہلدی' سرخ مرچ وغیرہ مالیت ساڑھے 11 لاکھ چوری ہوگئیں' برکت ٹاؤن میں ارسلان کی موٹرسائیکل بھی چوری ہوگئی' سرگودھا روڈ سے فاروق کا میٹر بجلی بھی چوری ہوگیا' ڈی گراؤنڈ سے بہرام حیدر کی موٹرسائیکل بھی نامعلوم چور لے گئے' سلور سپون میرج ہال کینال روڈ کے قریب بلال ارشد سے 2 موبائل فون' 9 تولے زیورات چوری ہو گئے' سرگودھا روڈ سے بشیر احمد کی موٹرسائیکل چوری ہوگئی' منصور آباد سے حسیب کی گاڑی بھی چور لے اڑے' کینال روڈ سے عامر فاروق کی موٹرسائیکل بھی چور لے اڑے' 433 گ ب میں ثمن عباس سے 11 ہزار کی نقدی لوٹ لی گئی' 231 گ ب میں ظہیر عباس لٹ گیا' 435 گ ب میں محمد فاروق کی 2 بھینس حویلی سے چور لے گئے' 205 رب (میں حاجی تنویر کی موٹرسائیکل' نقدی' موبائل فون چھین لی گئی' الائیڈ ہسپتال کے قریب علی' امجد اور سول ہسپتال کی پارکنگ کے قریب عابد کی گاڑیاں بھی چور لے اڑے' گوشالہ موڑ سے تصور کا موبائل فون' نقدی 5 ہزار لوٹ لی گئی' 263 رب میں عرفان سے 20 ہزار کی نقدی وموبائل فون چھین لیا گیا' 275 رب میں حافظ محمد نعیم سے 50 ہزار کی نقدی لوٹ لی گئی' لائل پور گارڈن میں محمد شفیق سے 30 ہزار کی نقدی وموبائل فون چھین لیا گیا' گڑھ کے علاقہ میں فقلین کے گھر سے نقدی وغیرہ چور لے گئے' 38 گ ب میں ظفر اقبال کی نقدی چور لے اڑے۔

بقیہ 56

ڈرامہ ہے، پرویز الٰہی اور عمران خان کی راہیں جدا ہونیوالی ہیں، اگر عمران خان نے اسمبلیاں توڑنی ہیں تو کون انہیں روک رہا ہے وہ اسمبلیاں توڑیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان آئے روز اسمبلیاں توڑنے کے اعلانات کر کے جہاں ملک میں انتشار اور افراتفری کی فضا پیدا کرتے ہوئے ملک کو دیوالیہ ہونے کے خواب دیکھ رہے ہیں وہاں اس نے جھوٹے وعدے اور بلا مقصد لانگ مارچ اور جلسے پرانے کارکنوں کو بھی تھکا کر بیزار کردیا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی مقبولیت میں دن بدن کمی ہو رہی ہے اور لوگ ان کے جھوٹے وعدوں سے تنگ آچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان نے اسمبلیاں توڑیں تو یہ اس کا آخری الیکشن ہوگا کیوں کہ عوام اس کی طرف سے ملک میں فتنہ اور انارکی پھیلانے کو پسند نہیں کررہے۔

بقیہ 57

کر کے ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا اور کار نمبری 3102LED کو قبضے میں لے لیا ایس ایچ او مہر یوسف نے بتایا کہ ملزمان عرصہ دراز سے منشیات فروشی کرتے تھے اور فیصل آباد میں فروخت کرتے تھے۔

بقیہ 59

کرنے والے 5 ملزمان کو پابند سلاسل کیا گیا جبکہ ون ویلنگ اور آتش بازی کرنے پر 3 ملزمان کو حوالات میں بند کیا گیا۔

بقیہ 60

لیوی بڑھانے اور آئندہ ماہ میں بھی ڈیزل پر مکمل ریلیف نہ دینے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کم ترین سطح پر ہیں ملک میں پیٹرولیم مصنوعات میں 38 روپے لیٹر زائد سے کمی ہونی چاہیے تھی لیکن صرف 10 روپے کمی کے فوراً بعد پیٹرولیم لیوی میں 5 روپے اضافہ کرکے صنعتی شعبہ وعوام سے پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کا حقیقی ریلیف چھین لیا گیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات میں عالمی مارکیٹ کے تناسب سے کمی کے تناسب سے ملک میں بھی کمی کی جائے اور اسی تناسب سے بجلی کی قیمتوں میں بھی کمی کرکے عوام کو بجلی کے فی یونٹ میں کمی کرکے ریلیف دیا جائے کیونکہ مہنگی بجلی کے باعث صنعتی شعبہ کی پیداواری لاگت میں اضافہ سے اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ سے مہنگائی میں ہوشربا اضافہ ہورہا ہے مہنگی بجلی سے اشیاء مہنگی اور مہنگی اشیاء کے باعث بیرون ملک پاکستان اشیاء کی مانگ میں کمی سے ملکی برآمدات کمی کا شکار ہیں جس کے باعث ملک میں تجارتی خسارہ میں اضافہ اور زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی ہو رہی ہے۔ چوہدری محمد سلیم بریار نے کہا کہ حکومت برآمدات میں اضافہ کیلئے صنعتی شعبہ کی پیداواری لاگت میں کمی لائے اور بجلی کی قیمتوں میں تیل کی قیمتوں میں کمی کے تناسب سے فوری طور پر کمی کرکے صنعتی شعبہ اور عوام کو ریلیف دیا جائے۔

بقیہ 61

چوکی موٹروے بائی پاس پر بھونیکی موڑ کے قریب الٹ گئی واقع کی اطلاع ملتے ریسکیو 4 ایمبولینسز 1 فائر وہیکل اور 1 ریسکیو وہیکل موقع پر پہنچ گئی ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے اور نعشوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوکی منتقل کردیا، زخمیوں میں یاسر، عبدالباسط، نسرین، افضل، عاشق، اشرف، ممتاز، سمیعہ، اکرم، شاہد، عبدالرزاق سمیت دیگر شامل ہیں اور جاں بحق ہونے والوں میں اشرف، اسلم، رانی بی بی شامل ہیں۔

بقیہ 62

سندھ اور بلوچستان میں قائم کیے جانے والے اقتصادی زونز لوگوں کے لیے ملازمتوں اور کاروباری شعبوں میں بے پناہ مواقع پیدا کریں گے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں ممکنہ ملازمتوں اور صنعتوں کا پتہ لگانے کے لیے خیبر پختونخواہ کے رشکئی، سندھ کے دھابیجی، پنجاب کے علامہ اقبال اور بلوچستان کے بوستان سمیت 9 میں سے 4 خصوصی اقتصادی زونز میں ملازمت کے مواقع کا جائزہ لینے کے لیے ایک مطالعہ کیا گیا جس میں بتایا گیا ہے کہ صنعتی مرحلے کے آغاز سے قبل مقامی نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ تربیت یافتہ مزدور اور انجینئر نہ صرف اقتصادی زونز میں اچھی ملازمتیں حاصل کریں گے بلکہ چینی اور مقامی کمپنیوں کو مقامی علاقوں سے ہنرمند پیشہ ور افراد کو بھرتی کرنے کے قابل بھی بنائیں گے۔ سی پیک کے تحت خصوصی اقتصادی زونز میں جو ممکنہ صنعتیں لگائی جا رہی ہیں ان میں فوڈ پروسیسنگ، کوکنگ آئل، سیرامکس، جواہرات اور زیورات، ماربل، معدنیات، زرعی مشینری، آئرن اینڈ سٹیل، موٹر بائیک اسمبلنگ، الیکٹریکل اپلائینسز اور آٹو موبائل شامل ہیں۔

بقیہ 63

سے چلنے والے اس منصوبے کو بند کرنے سے اربوں روپے مالیت کے الیکٹرک انجن لاہور انجن یارڈ میں کھڑے کردیئے گئے جہاں وہ سکریپ کا ڈھیر بنتے جا رہے ہیں اسی طرح سیکشن کے درمیان بچھائی گئی انتہائی قیمتی الیکٹرک وائر بھی چوری ہونے لگی مشہور زمانہ الیکٹرک وائر چوری کا سکینڈل میڈیا کی زینت بنا لیکن اسکے باوجود ریلوے افسران نے باقی ماندہ تنصیبات کو محفوظ کرنے کی بجائے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چوروں کیلئے کھلا چھوڑ دیا ہے۔ 15 سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود سیکشن پر لگائے گئے بیش قیمت الیکٹرک پول کی چوری معمول بن گئی، رواں ماہ میں رینالہ خورد اور حبیب آباد ریلوے اسٹیشن کے درمیان 7 الیکٹرک پول نامعلوم چور اکھاڑ کر لے گئے

بقیہ 64

کرنے سے جاں بحق ہوگیا۔ وقاص گلی میں کھیلتے ہوئے گیس پائپ لائن کیلئے کھودے گڑھے میں جمع ہونیوالے سیوریج کے پانی میں گر گیا جسے لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت اسے مین سے ہول نکال کر تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا جہاں طبی امداد ملنے کے دوران وقاص دم توڑ گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ضابطہ کی کارروائی شروع کردی۔ اہل علاقہ نے بتایا کہ ڈیڑھ ماہ قبل گیس پائپ لائن کیلئے گڑھا کھودا گیا تھا جس میں ساتھ سے گذرنے والے گندے نالے کا پانی بھر گیا اور اس میں یہ حادثہ رونما ہوا۔ اہل علاقہ نے بچے کی موت کا ذمہ دار محکمہ سوئی گیس کو قرار دیا ہے۔

بقیہ 65

گئی دہائیوں سے جمع ہونے والی گارا اب ڈیم کے کنارے سے صرف چار میل کے فاصلے پر پہاڑ کی شکل اختیار کر لی ہے۔ گارا کا یہ پہاڑ 1974 میں ڈیم کے کنارے سے 14 میل دور تھا جو اب 10 میل آگے آگیا ہے، مستقبل میں گارا کا یہ پہاڑ کسی جھٹکے کی صورت میں ڈیم کی خارجی سرنگوں کو بند کر سکتا ہے۔ اس کی وجہ سے ڈیم کی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت 90 لاکھ 60 ہزار ایکڑ فٹ سے کم ہوکر 50 لاکھ 80 ہزار ایکڑ فٹ رہ گئی ہے۔ واپڈا نے صفائی کے لیے امریکی اور جنوبی افریقی ماہرین سے رابطہ کیا لیکن اس کام کی لاگت قابل عمل نہیں تھی۔ بتایا گیا کہ گارا کی صفائی کی لاگت پر اتنی زیادہ لاگت آرہی ہے کہ اس رقم سے اسی سائز کا نیا ڈیم تعمیر کیا جاسکتا ہے۔ کیم اکتوبر کو گارا کی نقل و حرکت کی وجہ سے ڈیم کی ٹنل 5 کو نا گزیر حفاظتی اقدامات کے طور پر 33 ماہ کے لیے بند کر دیا گیا تھا۔ تقریباً چار میل لمبا گارا کا پہاڑ ٹنل کے آف ٹیک پوائنٹس کے اتنا قریب تھا کہ معمولی زلزلے کی صورت میں ٹنلز کو بلاک کرسکتا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ قائمہ کمیٹی ارکان نے ڈیم سے گارا ختم کرنے کے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ گاد کے ایک خاص حد تک بہاؤ کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں کیونکہ یہ زمین کی زرخیزی کا باعث بھی بنتی ہے۔ قائمہ کمیٹی نے وزارت آبی وسائل سے کہا کہ وہ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے قلیل اور طویل مدتی اقدامات کا خاکہ پیش کرتے ہوئے رپورٹ مرتب کرے۔

بقیہ 66

کہا کہ عالمی مہنگائی ہونے کے باوجود بھی عمران خان کے دور میں اتنی مہنگائی نہیں ہوئی تھی جتنی آج ہے تجربہ کاروں نے ملک پر تجربے کرکے دیوالیہ نکال دیا ہے پیٹرول بجلی اور گیس کا استعمال اس وقت غریب کی پہنچ سے دور ہوگیا ہے عام انتخابات میں تحریک انصاف تاریخی کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اس ملک کے عوام کی سوچ کو تبدیل کرکے رکھ دیا ہے۔ آج عوام جان چکے ہیں کہ ملک کو لوٹنے والی قوتیں کون سی ہیں جنہوں نے بیرونی ایجنڈے کو ہمیشہ فوقیت دی اور پاکستان کی ترقی کی راہ میں روڑے اٹکائے۔

ناموس رسالت کا تحفظ ایمان کی نشانی ہے، مولانا علیم الدین شاکر

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کا کام کرنے والے کل قیامت والے دن شفاعت محمدی کے حقدار بنیں گے

عوام قرآن اور دین سے اپنا اور اپنی نسلوں کا تعلق مضبوط کریں ورنہ بے حیائی فحاشی وعریانی کا سمندر بہا کرلے جائیگا

لاہور (این این آئی) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرؓ للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ ناموس رسالتؐ کا تحفظ ایمان کی نشانی ہے، اسلامیان پاکستان قانون ناموس رسالت کا ہر حال میں تحفظ کرینگے اور کسی قربانی سے گریز نہیں کرینگے، عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کا کام کرنے والے کل قیامت والے دن شفاعت محمدی کے حقدار بنیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین پاکستان قوم کی وحدت کی علامت ہے اور اس کے اسلامی شقیں قوم کی ایمانی جذبے کی ترجمانی کرتی ہیں اس آئین کیخلاف (بقیہ نمبر 33)

شاکر علی میوزیم میں آرٹ اینڈ کلچر فیسٹیول کا انعقاد

شاکر علی میوزیم سے تربیت لینے والے فنکاروں نے ڈانس پرفامنس

لاہور (عوامی للکار) پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس شاکر علی میوزیم میں آرٹ اینڈ کلچر فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا جس میں میڈیم رفعت ملک صدر ویمن وفاقی چیمبر آف کامرس مہمان خصوصی تھی۔ تقریب میں شاکر علی میوزیم سے تربیت لینے والے فنکاروں نے اپنی خصوصی پرفامس کی اور حاضرین مجلس سے خوب داد سمیٹی تقریب میں آرٹ (بقیہ نمبر 34)

لاہور‘ شہری سڑک کنارے لگے سٹال سے کھانا کھا رہے ہیں

فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

کنٹریکٹ ملازمین کی مدت ملازمت میں مزید 2 سال کی توسیع کر دی گئی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے 60ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس، کنٹریکٹ ملازمین کی مدت ملازمت میں مزید 2 سال کی توسیع کر دی گئی۔ فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے 60ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس ایف ڈبلیو ایم سی کمپلیکس میں منعقد ہوا جس کی صدارت چیئر مین فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ولید ارشد ڈوگر نے کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر بلال فیروز جوئیہ بھی موجود تھے۔ اجلاس میں دیگر (بقیہ نمبر 38)

رائے ونڈ' تیز رفتار واٹر ٹینکر نے ڈھائی سالہ بچہ کچل دیا

پولیس اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے قانونی کارروائی کا آغاز کرے

رائے ونڈ (نمائندہ عوامی للکار) تیز رفتار واٹر ٹینکر نے ڈھائی سالہ بچہ کچل دیا۔ تفصیلات کے مطابق بحریہ آرچرڈ فیز ون میں ٹاؤن کا واٹر ٹینکر انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے آ رہا تھا، ڈھائی سالہ محمد احمد گھر کے باہر کھیل رہا تھا ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی سے محمد احمد پر ٹینکر چڑھ گیا، جس سے محمد احمد موقعہ پر دم توڑ گیا، متوفی کے ماموں ذیشان ولد محمد فضل نے کارروائی کیلئے پولیس کو درخواست دیدی، جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بحریہ ٹاؤن کے ڈرائیور انتہائی لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کرتے ہیں جس سے کئی قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں، پولیس اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے قانونی کارروائی کا آغاز کرے۔

رائے ونڈ خانیوال سیکشن کے درمیان درجنوں بغیر گیٹ مین ریلوے پھاٹک کا انکشاف

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ خانیوال سیکشن کے درمیان درجنوں بغیر گیٹ مین ریلوے پھاٹک کا انکشاف ہوا ہے، لاہور کے قریب متعدد کھلے پھاٹک پر موت کے سائے چھانے لگے، رواں ماہ میں 4 افراد جان کی بازی ہار گئے، ریلوے حکام اور ضلعی انتظامیہ کی غفلت سے حادثات معمول بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ (بقیہ نمبر 35)

سرگودھا، ایک سالہ بچہ نالہ میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا

سرگودھا (عوامی للکار) ایک سالہ بچہ نالہ میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی کے موضع ذلہ میں زبیر خان کا ایک سالہ معصوم بچہ ریحان خان اچانک نالہ میں جا گرا۔ جسے فوری طور نالہ سے نکال کر تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی منتقل کردیا گیا لیکن وہ جانبر نہ (بقیہ نمبر 37)

''بی بی شہید کا ادھورا مشن اور پاکستان پیپلز پارٹی'' کے موضوع پر سیمینار 23 دسمبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کلچرل ونگ کے زیر اہتمام ''بی بی شہید کا ادھورا مشن اور پاکستان پیپلز پارٹی'' کے موضوع پر سیمینار 23 دسمبر بروز جمعہ 2.30 بجے پیپلز پارٹی سیکرٹریٹ 158 سی ماڈل ٹاؤن لاہور میں ہوگا جسکے مہمان خصوصی معروف کالم نگار سہیل وڑائچ ہونگے۔ سیمینار سے سید حسن مرتضی، رانا فاروق سعید، ثمینہ خالد گھرکی، اسلم گل، وجاہت مسعود، فیصل میر، ڈاکٹر یوسف اعوان، کامریڈ زوار اور نایاب گوہر جان خطاب کرینگے۔

INDIA'S FIRST LINE OF DEFENCE

لاہور‘ بھارت سے ہندو یاتری کٹاس راج یاترا کیلئے واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آرہے ہیں

اسمبلیاں تحلیل کرنے کے اعلان سے حکمرانوں کو سانپ سونگھ گیا، مبارک آفتاب گل

امپورٹڈ حکومت الیکشن کرانے سے گھبرا کیوں رہی ہے میدان میں آئے' رہنما پی ٹی آئی اقلیتی ونگ

تحریک انصاف کی قیادت میں یہ اہلیت ہے کہ وہ ملک کو موجودہ حالات میں بھی سنبھال سکتی ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف اقلیتی ونگ کے سنیئر مرکزی رہنما مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ اسمبلیاں تحلیل کرنے کے اعلان سے حکمرانوں کو سانپ سونگھ گیا، کرپٹ ٹولہ منفی ہتھکنڈوں کی بجائے ملک وقوم کا سوچے اور عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا جائے، امپورٹڈ حکومت الیکشن کرانے سے گھبرا کیوں رہی ہے میدان میں آئے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 43)

سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد کو کیسے روکا جائے؟ آئی ٹی ماہرین نے سافٹ ویئرز کے ذریعے سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد روکنے کو ممکن قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد کو کیسے روکا جائے؟ آئی ٹی ماہرین نے سافٹ ویئرز کے ذریعے سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد روکنے کو ممکن قرار دے دیا جبکہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی مذہبی امور کی سب کمیٹی نے وزارت آئی ٹی اور آئی ٹی ماہرین کو توہین آمیز مواد روکنے کیلئے طریقہ کار طے کرنے کی ہدایت کردی۔ قومی اسمبلی کی قا(بقیہ نمبر 44)

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 21 دسمبر 2022ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 21 دسمبر، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل (بقیہ نمبر 45)

آیان
عامر محمود
0311-5185882
فیاض احمد
0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود
0332-5683901
0345-5259129
مکینک ظفر اقبال
0343-6818018

غیر مسلم ووٹرز کی تعداد میں 4 برس کے دوران 10 لاکھ کا اضافہ

مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے ووٹرز کی تعداد 44 لاکھ 30 ہزار ہوگئی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان میں بسنے والے غیر مسلم ووٹرز کی تعداد میں چار ماہ کے دوران اضافہ دیکھا گیا جو 44 لاکھ 30 ہزار ہوگئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق چیئرمین نادرا نے بتایا کہ نادرا نے اب تک اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے 44 لاکھ 30 ہزار افراد کو رجسٹر کیا ہے جن میں عیسائی، ہندو، بدھ مت اور دیگر مذاہب سے تعلق (بقیہ نمبر 32)

A - Shakir Ali Museu
Art & Culture
Festival
Qawwali
Ustad Naeem Santee Qawwal with Team
Dance Performance by: NPAG Group, Lahore

لاہور‘ شاکر علی میوزیم میں منعقدہ آرٹ اینڈ کلچر فیسٹیول میں فنکار پرفارم کررہے ہیں

سرگودھا اور گردنواح میں سموگ اور دھند کا راج، حدنگاہ صفر

شہریوں کو بغیر ضرورت گھر سے نکلنے سے اجتناب کرنے کی ہدایات، پولیس

سرگودھا (ظہور حسین سے) سرگودھا اور گردنواح میں دوسرے روز بھی سموگ اور دھند کا راج جاری رہا اور حدنگاہ صفر ہو جانے سے شدید کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ پولیس کی جانب سے شہریوں کو بغیر ضرورت گھر سے نکلنے سے اجتناب کرنے اور گاڑیوں کے ڈرائیورز کو فوگ لائٹس استعمال کر کے سفر کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ زرائع کے (بقیہ نمبر 36)

لاہور‘ ایک بزرگ محنت کش اپنے خاندان کا پیٹ پالنے کیلئے پھیری لگا کر سویاں فروخت کررہا ہے

پاکستانی قومی ترانے کے خالق حفیظ جالندھری کی چالیسویں برسی آج 21 دسمبر کو منائی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستانی قومی ترانے کے خالق حفیظ جالندھری کی چالیسویں برسی (آج) 21 دسمبر بدھ کو منائی جائے گی فیصل آباد سمیت ۔ملک بھر میں مسلم لیگ اور دیگر جماعتوں کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین حفیظ جالندھری کی ادبی وملی خدمات کو خراج عقیدت پیش (بقیہ نمبر 39)

فیصل آباد سمندری روڈ پر وین اور موٹر سائیکل میں تصادم 50 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سمندری روڈ پر روشن والا بائی پاس کے قریب پیش آیا جس میں وین نے موٹر سائیکل سوار کو ٹکر ماری دی۔ حادثہ میں 50 سالہ موٹر سائیکل سوار عبدالروف ولد لال دین ساکن عمر گارڈن جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو کی امدادی ٹیم نے ضروری کارروائی کے بعد (بقیہ نمبر 40)

کھاریاں، پولیس کی موٹر سائیکل چوری مافیا کیخلاف کارروائی

متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ 2 رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کرلیا

کھاریاں (نمائندہ عوامی للکار) تھانہ صدر کھاریاں پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ 2 رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا- 10 عدد موٹر سائیکل برآمد، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گجرات سید غضنفر علی شاہ کی زیر قیادت گجرات پولیس کی موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی پی او گجرات سید غضنفر علی شاہ نے خصوصی ٹیم تشکیل دی، جس میں ڈی ایس پی کھاریاں سرکل میاں محمد ریاض، ایس ایچ او تھانہ صدر کھاریاں SI ارشد ڈفرانہ اور دیگر (بقیہ نمبر 41)

فیصل آباد، ٹریفک کے 2 مختلف حادثات

ایک شخص جاں بحق اور 11 زخمی ہوگئے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں 2 مختلف ٹریفک حادثات میں ایک شخص جاں بحق اور 11 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تیز رفتار کوسٹر الٹنے سے نوجوان جاں بحق جبکہ آٹھ افراد زخمی، اور مزدا ڈالے کی رکشہ کو ٹکر سے 3 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جڑانوالہ سیدوالا روڈ پر علی جج والا بنگلہ شاپ کے قریب تیز رفتار کوسٹر ٹائی رائڈ کھلنے سے الٹ گئی۔ حادثہ میں 20 سالہ نوجوان بلال ولد خادم جاں بحق ہوگیا۔ حادثہ میں 8 افراد عمر حیات ساکن کھوہ کھچیاں، کشور حیات ساکنہ جڑانوالہ، سعد اللہ ساکن 1(بقیہ نمبر 42)

پنجاب بھر میں کانسٹیبلوں کی ترقی کیلئے امتحانات کا شیڈول جاری

خواہشمند حضرات 25 دسمبر 2022ء تک اپنی درخواستیں جمع کروائیں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں کانسٹیبلوں کی ترقی کیلئے امتحان لسٹ اے اور امتحان لسٹ بی ون کے امتحانات کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ ڈی آئی اسٹیبلشمنٹ طارق چوہان کی طرف سے جاری ہونیوالے مراسلہ میں صوبہ بھر کے اضلاع کے سی پی اوز ڈی پی اوز کو کہا گیا ہے کہ کانسٹیبلوں کی ترقی کیلئے لسٹ اے کا امتحان آئندہ برس 2023ء کے پہلے ماہ جنوری کے دوسرے ہفتہ اور لسٹ بی ون کا امتحان فروری کے دوسرے ہفتہ میں منعقد ہو گا اور پولیس کے ضلعی سربراہان کو کہا گیا ہے کہ ایسے کانسٹیبل جو مذکورہ امتحانات میں حصہ لینے کے خواہشمند ہو وہ 25 دسمبر 2022ء تک اپنی درخواستیں جمع کروائیں۔ ڈی آئی اسٹیبلشمنٹ طارق چوہان کی طرف سے جاری ہونیوالے مراسلہ میں صوبہ بھر کے اضلاع کے سی پی اوز ڈی پی اوز کو کہا گیا ہے کہ کانسٹیبلوں کی ترقی کیلئے لسٹ اے کا امتحان آئندہ برس 2023ء کے پہلے ماہ جنوری کے دوسرے ہفتہ اور لسٹ بی ون کا امتحان فروری کے دوسرے ہفتہ میں منعقد ہوگا۔

لاہور‘ داتا دربار کے قریب مخیر حضرات کی طرف سے تقسیم ہونے والا لنگر حاصل کرنے کیلئے لوگ قطار بنائے کھڑے ہیں

فیصل آباد جنرل بس سٹینڈ کے قریب سے 60 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد جنرل بس سٹینڈ کے قریب سے 60 سالہ شخص کی لاش برآمد تفصیلات کے مطابق جنرل بس سٹینڈ نذر پٹرول پمپ سرگودھا روڈ فیصل آباد میں نامعلوم شخص عمر 60 سال کی نقش برآمد (بقیہ نمبر 46)

علی وزیر کے پروڈکشن آرڈر جاری نہ کرنے پر جماعت اسلامی اور محسن داوڑ کا احتجاج

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی کے سینئر مشتاق احمد اور عبدالاکبر چترالی اور محسن داوڑ نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں علی وزیر کے پروڈکشن آرڈر جاری نہ کرنے پر احتجاج کیا۔ منگل کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں احتجاج کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 47)

لاہور میں شدید دھند کے باعث فلائٹ آپریشن متاثر

ابوظہبی اور کراچی سے آنے والی پروازیں بھی تاخیر کا شکار ہوگئیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ کو شدید دھند کی وجہ سے طیاروں کی لینڈنگ اور ٹیک آف کے لیے بند کردیا گیا، بیرون ملک سے آنے والی متعدد پروازوں کو لینڈنگ کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ متعدد پروازیں تاخیر کا شکار ہونے سے بھی مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

چوروں کو این آر او دینے والے ملکی مستقبل سے کھیل رہے ہیں، ڈاکٹر شاہد صدیق

امپورٹڈ حکومت کی جانب سے عمران خان کی کردار کشی کی ہر کوشش کو عوام نے رد کردیا ہے' رہنما پی ٹی آئی

عالمی مہنگائی ہونے کے باوجود بھی عمران خان کے دور میں اتنی مہنگائی نہیں ہوئی تھی جتنی آج ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ اسمبلیاں تحلیل کرنے کے اعلان پر حکومت خوف کا شکار ہے، چوروں اور لٹیروں کو این آر او دینے والے ملکی مستقبل سے کھیل رہے ہیں عوام انہیں قبول نہیں کرے گی، امپورٹڈ حکومت کی جانب سے عمران خان کی کردار کشی کی ہر کوشش کو عوام نے رد کردیا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 66)

برائلر گوشت کی قیمت میں 18 روپے اضافہ

فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 18 روپے اضافے سے 444 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 12 روپے اضافے سے 296 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

لاہور خانیوال سیکشن کے درمیان الیکٹرک پول چوری ہونے لگے

غیر ملکی الیکٹرک پول چوری ہونے سے ریلوے کو کروڑوں روپے کا نقصان

رائے ونڈ (این این آئی) لاہور خانیوال سیکشن کے درمیان الیکٹرک پول چوری ہونے لگے، غیر ملکی الیکٹرک پول چوری ہونے سے ریلوے کو کروڑوں روپے کا نقصان، ریلوے افسران نے چپ سادھ لی۔ تفصیلات کے مطابق 2007 میں لاہور خانیوال سیکشن پر الیکٹرک سسٹم کے تحت چلنے والی ریل گاڑیوں کا منصوبہ ختم کردیا گیا تھا، غیر ملکی اشتراک (بقیہ نمبر 63)

لاہور‘ الحمرا ہال میں ہیئر ڈریسرز اینڈ بیوٹیشن فیڈریشن کے سالانہ ایوارڈ شو میں شریک لڑکی موبائل پر سیلفی لے رہی ہے

تربیلا ڈیم میں گارا کی وجہ سے پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں 40 فیصد کمی

لاہور (این این آئی) تربیلا ڈیم میں تقریباً 10 ارب ٹن گارا جمع ہوگیا ہے، جس کی وجہ سے اس کی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں 40 فیصد سے زیادہ کمی واقع ہوئی ہے۔ ایک رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ گارا کی وجہ سے پاکستان کے دوسرے بڑے ذخیرے کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت بھی متاثر ہوگی۔ (بقیہ نمبر 65)

چار خصوصی اقتصادی زونز سے پاکستان میں 15 لاکھ سے زائد بالواسطہ اور بلاواسطہ ملازمتیں پیدا ہونے کا امکان

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) چین پاکستان اقتصادی راہداری کے فریم ورک کے تحت قائم کیے جانے والے چار خصوصی اقتصادی زونز سے پاکستان میں تقریباً 575,000 براہ راست اور 10 لاکھ سے زیادہ بالواسطہ ملازمتیں پیدا ہونے کا امکان ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز اتھارٹی کے چیئر مین ایس ایم نوید نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ، پنجاب، (بقیہ نمبر 62)

پتوکی موٹروے بائی پاس پر دھند کے باعث ٹیوٹا ہائی ایس الٹ گئی

حادثے میں 11 افراد مرد، خواتین شدید زخمی جبکہ خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے

لاہور‘ ویلنشیاء لیڈیز کلب میں بچے جمپنگ کیسل پر کھیل رہے ہیں

پتوکی (نمائندہ عوامی للکار) پتوکی موٹروے بائی پاس پر شدید دھند کے باعث ٹیوٹا ہائی ایس الٹ گئی حادثے میں 11 افراد مرد، خواتین شدید زخمی جبکہ خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں گورنمنٹ ہسپتال پتوکی منتقل کردیا۔ صبح سویرے ٹیوٹا نمبری LWN#0965 پر ایک ہی فیملی کے مرد، خواتین افراد سوار ہوکر لاہور سے اوکاڑہ جارہے تھے موٹروے بائی پاس پر شدید دھند کے باعث ٹیوٹا ہائی ایس (بقیہ نمبر 61)

سٹی ڈویژن پولیس کا کریک ڈاؤن، 108 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں مالیت کی منشیات برآمد ہوئی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سٹی ڈویژن پولیس نے کریک ڈاؤن کرکے 24 گھنٹوں میں 108 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی سٹی عمر سرفراز ورک کے مطابق سنگین وارداتیں کرنے والے مفرور اور ریکارڈ یافتہ 75 ملزمان گرفتار، مختلف مقامات سے 4 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں مالیت کی منشیات برآمد ہوئی۔ غیر قانونی اسلحہ اور اسکی نمائش کرنے پر 9 ملزمان گرفتار، پتنگ بازی، کرایہ داری اور گداگری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 5 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ساؤنڈ سسٹم اور پابندی کے باوجود گٹکا فروخت کرنے پر 7 افراد کے خلاف کارروائی کی گئی، حساس مقامات، کھلا پٹرول فروخت (بقیہ نمبر 59)

ڈیزل پر لیوی مزید بڑھانے کا آئی ایم ایف مطالبہ سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا' سلیم بریار

لاہور (این این آئی) ٹیلن گروپ آف کمپنیز کے چیئر مین چوہدری محمد سلیم بریار نے آئی ایم ایف کی طرف سے ڈیزل پر لیوی مزید بڑھانے کے مطالبہ اور حکومت کی طرف سے فروری تک 20 روپے مزید پٹرولیم (بقیہ نمبر 60)

پرویز الٰہی اور عمران خان کی راہیں جدا ہونیوالی ہیں' سلیم رضا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان کی تنقید احسان فراموشی کی زندہ مثال ہے، اسمبلیوں کی تحلیل کیلئے نئی تاریخ عمرانی (بقیہ نمبر 56)

فیصل آباد، ڈجکوٹ پولیس کی کاروائی

مشکوک کار سے بائی پاس چوک سے 22 کلو چرس برآمد، ملزمان گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد ڈجکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی، مشکوک کار سے بائی پاس چوک سے 22 کلو چرس برآمد کر کے ملزمان گرفتار کر لئے، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق تھانہ ڈجکوٹ کے ایس ایچ او مہر یوسف شہزاد نے مخبر کی اطلاع پر روشن والا بائی پاس چوک سے مشکوک کار کو روک کر ملزمان عمران خان ولد عبدالقدوس قوم پٹھان خانیوال اور غلام فرید ولد غلام حسین قوم راجپوت فیصل آباد سے 22 کلو چرس برامد (بقیہ نمبر 57)

لاہور‘ سیکرٹری اطلاعات وثقافت آصف بلال لودھی الحمراء کلچرل کمپلیکس میں آرٹ گیلری کا معائنہ کررہے ہیں

فیصل آباد، چوری ڈکیتی کی مزید 60 سے زائد وارداتوں میں لاکھوں کا نقصان

سرراہ ڈاکوؤں نے نہتے شہریوں سے بھاری مالیت کی نقدی' موبائل فونز' طلائی زیورات ودیگر قیمتی سامان لوٹ لیا

سرخ مرچ وغیرہ مالیت ساڑھے 11 لاکھ چوری ہوگئیں' برکت ٹاؤن میں ارسلان کی موٹر سائیکل بھی چوری ہوگئی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری' ڈکیتی وراہزنی کی مزید 60 سے زائد وارداتوں میں لاکھوں کا نقصان' سرراہ ڈاکوؤں نے نہتے شہریوں سے اسلحہ کی نوک پر بھاری مالیت کی نقدی' موبائل فونز' طلائی زیورات ودیگر قیمتی سامان لوٹ لیا، چوروں نے بھی ات مچائے رکھی، درجنوں گاڑیاں مویشی چرا لیے' پولیس واقعات کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیلات کے مطابق صدر تاندلیانوالہ کے چک 24 گ ب میں موٹر سائیکل سوار دو ڈاکوؤں نے تاروالی سڑک پر عاصم علی سے نقدی ایک لاکھ روپے موٹر سائیکل چھین لی' 231 گ ب میں ظہیر عباس سے 28 ہزار کی نقدی لوٹ لی گئی' ریجنسی پلازہ سے گوہر کی موٹر سائیکل بھی چوری ہوگئی' کلیم شہید چوک میں وسیم (بقیہ نمبر 55)

سرگودھا، شعبہ اردو زبان وادب کا علمِ عروض پر ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد

عملی مثالوں سے ساکن اور متحرک حروف کے فرق سے طالب علموں کو آگاہ

سرگودھا (ظہور حسین سے) شعبہ اردو زبان وادب نے علمِ عروض پر ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ جس میں اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد نے ابوعبدالرحمٰن خلیل بن احمد بصری کی طرف سے ایجاد کردہ عربی عروض پر گفتگو کرتے ہوئے طالب علموں کو پندرہ رائج بحور اور ان سے بننے والے غزلیہ دوائر کو عملی مثالوں سے سمجھایا۔ انہوں نے عملی مثالوں سے ساکن اور متحرک حروف کے فرق سے طالب علموں کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر اقبال کی مشہور زمانہ غزل "ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں" اور غالب کی معروف غزل "جہاں تیرا نقش قدم دیکھتے ہیں '' کی تقطیع کر (بقیہ نمبر 50)

اہل علاقہ نے بچے کی موت کا ذمہ دار محکمہ سوئی گیس کو قرار دیا ہے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں 3 سالہ بچہ سیوریج کے پانی سے بھرے گڑھے میں گرنے سے جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ڈی ٹائپ کے علاقہ فاروق آباد میں 3 سالہ بچہ وقاص ولد منظور سیوریج کے پانی سے بھرے گڑھے میں (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد ایس ایچ او کے کمرے میں خودکشی کرنیوالی خاتون گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں ایس ایچ او غلام محمد آباد کے کمرے میں پہنچ کر خودکشی کی کوشش کرنے والی خاتون کو قابو کر کے حوالات میں بند کر دیا گیا۔ا(بقیہ نمبر 53)

ایوانِ قائداعظمؒ کا مطالعاتی دورہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ٹی سی ایف سیکنڈری سکول فار بوائز' بیدیاں روڈ' لاہور کے طلبا اور اساتذۂ کرام نے نظریۂ پاکستان ٹرسٹ کے پاکستان آگہی پروگرام کے سلسلہ میں ایوانِ کارکنانِ تحریکِ پاکستان لاہور اوگورنمنٹ پریکٹیسنگ گرلز ہائی سکو(بقیہ نمبر 48)

ملکی سالمیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عمران خان

ملک کی معاشی صورتحال پر تشویش، جلد امپورٹڈ حکومت سے جان چھڑانے کا فیصلہ کیا ہے

عالمی دنیا سے بہترین تعلقات کے خواہاں، ملکی سلمیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے چیئر مین وسابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کے تمام اداروں سے بہترین تعلقات، غیر آئینی اقدامات ناقابل قبول ہیں، ملک کی معاشی صورتحال پر تشویش، جلد امپورٹڈ حکومت سے جان چھڑانے کا فیصلہ کیا ہے، عالمی دنیا سے بہترین تعلقات کے خواہاں، ملکی سلمیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زمان پارک میں ملاقات کرنے والے غیر ملکی جریدوں کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تحریک انصاف کے سینئر رہنما فواد چوہدری، فرخ حبیب اور ترجمان وزیر اعلی و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ بھی موجود تھیں۔ ڈی ڈبلیو، العربیہ اردو، اسلامک ریپبلک نیوز ایجنسی اور دیگر غیر ملکی خبر رساں اداروں کے نمائندگان موجود تھے۔ الجزیرہ، بی بی سی اردو، پریس ٹرسٹ (بقیہ نمبر 20)